

ایسا کبھی نہیں ہوتا
عمیرہ احمد

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# ایسا کبھی نہیں ہوتا

عمیرہ احمد

## ایسا کبھی نہیں ہوتا

''دنیا بھر کی سستی' کام چوری اور کاہلی میری لڑکی پر ختم ہے۔''

امی کی ایوننگ ٹرانسمیشن کا آغاز خلاف توقع آج جلدی ہو گیا تھا۔ اس نے ڈھٹائی کی اعلیٰ روایات قائم کرتے ہوئے انہیں نظر انداز کر کے لیٹے رہنے کی کوشش کی مگر آج امی فارم میں تھیں اور مسلسل اس کی مدح سرائی فرما رہی تھیں اسے اٹھنا ہی پڑا مگر یہ اٹھنا عام اٹھنا نہیں تھا۔ اپنے کمرے کے دروازے کو اچھی طرح پٹخ کر وہ باہر آئی تھی۔

''چار گھنٹے پہلے تو آپ کا فرمان تھا کہ دنیا بھر کی سستی' کام چوری اور کاہلی تجھ سے شروع ہوتی ہے اور چار گھنٹے کے اندر اندر یہ مجھ پر ختم ہونا شروع ہو گئیں' بندے کو اپنی زبان پر تو قائم رہنا چاہیے۔''

اس نے صحن میں آتے ہی بیان داغا تھا اور پھر برآمدے کے واش بیسن کے سامنے کھڑے ہو کر چہرے پر پانی کے چھینٹے مارنے لگی امی صحن میں تخت پر بیٹھی سبزی بنا رہی تھیں۔

''زبان دیکھی ہے قینچی کی طرح چلتی ہے۔''

انہوں نے اس کی بات پر آگ بگولہ ہوتے ہوئے کہا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

''نہیں میں نے تو زبان کو قینچی کی طرح چلتے ہوئے نہیں دیکھا آپ ایسا کریں کہ یہ سین ریکارڈ کروا کے نیلام گھر میں بھجوا دیں' کیونکہ آپ اکثر میری زبان کو قینچی کی طرح چلتے ہوئے دیکھتی ہیں۔''

اس نے آج بدتمیزی کے سارے ریکارڈ توڑنے کا ارادہ کیا ہوا تھا۔

''ایسی اولاد سے تو بے اولاد ہونا اچھا۔''

امی نے جیسے دہائی دی تھی۔

''اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔''

تولیے سے چہرہ خشک کرتے ہوئے ان کی طرف دیکھے بغیر اس نے تبصرہ کیا تھا۔ امی نے اس کے تبصرے کو نظر انداز کرتے ہوئے حسب معمول لوگوں کی لڑکیوں کے قصیدے پڑھنا شروع کیے۔

''لوگوں کی لڑکیوں کو دیکھو کیا فرمانبردار اور تابعدار ہوتی ہیں ماں کو پیر زمین سے اتارنے نہیں دیتیں کہ آخر ہم کس لئے ہیں۔ کبھی مجال ہے...... جو ماں کے جھڑکنے پر اف بھی کر جائیں مائیں سو جوتے بھی ماریں تو ہنس کر کھاتی ہیں۔ ہر کام میں ہر فن مولا ہوتی ہیں' ہر ایک کا ادب لحاظ کرتی ہیں۔ مجال ہے جو کبھی کسی کو تکلیف پہنچائیں یا کسی سے اونچی آواز میں بات بھی کر جائیں۔

گھر کو آئینے کی طرح چمکا کر رکھا ہوتا ہے کہ دیکھنے والا عش عش کر اٹھتا ہے اور مجال ہے کبھی وقت بے وقت سوئیں' صبح فجر کی اذان کے ساتھ بیدار ہوتی ہیں اور عشاء کی نماز پڑھتے ہی سو جاتی ہیں۔''

امی کے کسی نادیدہ تصوراتی مخلوق کے بارے میں قصیدوں نے اس پر الٹا اثر کیا تھا۔

''آپ ایسا کریں امی کہ لوگوں کی لڑکیاں لے آئیں تاکہ میری تو جان چھوٹے اس روز روز کی تکرار سے۔'' اس نے بڑی سنجیدگی سے مشورہ دیا تھا۔

امی اپنے قصیدے کو بے اثر جاتا دیکھ کر پھر بھڑک اٹھی تھیں۔

''لوگوں کی لڑکیوں نے ہی آنا ہے یہاں میری بہوئیں بن کر' اللہ کا شکر ہے کہ تم سدا نہیں رہو گی یہاں' انہوں نے ہی راج کرنا ہے یہاں۔''

www.iqbalkalmati.blogspot.com

''تو بس پھر جھگڑا اس بات کا ہے مجھ سے تو آپ کی جان چھوٹ ہی جاتی ہے۔ آپ تو بس یہ دعا کیا کریں کہ کہیں لوگوں کی لڑکیاں بھی میری جیسی نہ نکلیں ورنہ پھر آپ انہیں کن لوگوں کی لڑکیوں کے قصیدے سنائیں گی۔

ویسے لوگوں کی لڑکیاں کوئی اتنی فرمانبردار اور تابعدار بھی نہیں ہوتیں جتنی آپ بتا رہی ہیں اور اگر ماں کے سکھانے کے بغیر ہی ان میں کچھ ہنر اور گن ہوتے ہیں تو اس کی وجہ کوئی آسمانی یا پیدائشی خوبی نہیں ہوتی بلکہ یہ جو گلی گلی سڑک سڑک ہر قسم کے کورسز کے ادارے ہوتے ہیں یہ سب ان کا کمال ہوتا ہے اور اگر وہ ماں کو ہلنے بھی نہیں دیتیں تو یہ کوئی احسان نہیں ظلم کرتی ہیں' ڈاکٹر کہتے ہیں کہ اچھی صحت کے لئے چلنا پھرنا انتہائی ضروری ہے ورنہ بلڈ پریشر' شوگر اور دل کی بیماریاں ہو سکتی ہیں اور بات کرنی آتی ہوگی تو کسی سے اونچی آواز میں بات کریں گی نا جب منہ کھولنا بھی نہیں آتا تو کسی کو اپنی بات کیسے سمجھائیں گی۔''

اس نے تو جواب میں تقریر کر دی تھی۔ امی نے خون کا گھونٹ پی کر آلو کاٹنے پر اکتفا کیا اسے کچھ اور کہہ کر وہ مزید کوئی تقریر سننا نہیں چاہ رہی تھی۔

وہ تولیے سے منہ پونچھ کر دوبارہ صحن میں آ گئی تھی۔

صحن میں کھڑے ہو کر چھت کی طرف منہ کر کے اس نے زور سے آواز لگائی تھی۔

''عاصم...... عاصم۔''

تیسری منزل سے اس کے بھائی کی گردن نمودار ہوئی تھی۔

''ہاں باجی کیا بات ہے۔''

''او ئے بات کے بچے نیچے آ' دو منٹ میں نیچے آ۔''

''اچھا ابھی آتا ہوں۔'' عاصم یہ کہہ کر منڈیر سے ہٹ گیا تھا۔ ایک منٹ صحن میں ٹہل کر انتظام کرنے کے بعد وہ دوبارہ چلائی تھی۔

''عاصم او عاصم۔'' اس دفعہ پھر بھائی منڈیر پر آیا تھا اس سے پیشتر کہ وہ کچھ کہتا وہ دھاڑی تھی۔

''تم نیچے تشریف لاتے ہو یا میں اوپر آؤں۔''

''نہیں میں ہی تشریف لے آتا ہوں۔'' وہ اس کے چہرے کے تاثرات سے ہی بہت

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کچھ سمجھ گیا تھا اور اگلے دو منٹ میں ہانپتا کانپتا سیڑھیاں طے کرتا وہ نیچے اس کے سامنے تھا۔

''جی باجی کیا کام ہے۔''

''یہ پانی پلاؤ مجھے۔'' اس نے برآمدے میں رکھے کولر کی طرف اشارہ کیا تھا۔ اس کے دس سالہ بھائی نے اسے ملامت بھری نظروں سے دیکھا تھا۔

''مجھے اتنی دور سے پانی پلوانے کے لئے بلوایا حالانکہ کولر سامنے پڑا تھا۔ خود پی لیتیں۔''

اس نے کولر کی طرف جاتے ہوئے ماں سے شکوہ کیا تھا۔

''ہاں بڑی دور تھے تم کوہ قاف میں بیٹھے تھے۔ ہیلی کاپٹر میں بیٹھ کر آٹھ گھنٹے میں پہنچے ہو یہاں، پتنگیں اڑانے میں بڑا دل لگتا ہے تمہارا بہن کو ایک گلاس پانی نہیں پلا سکتے۔ چلو لے کر آؤ اپنی کتابیں۔''

عاصم کی یہ سن کر جان پر بن گئی تھی۔ بہت غلط بات بہت غلط موقع پر اس نے کہہ دی تھی۔

وہ دو بھائیوں کی اکلوتی بہن تھی۔ دونوں بھائی اس سے چھوٹے تھے ایک آٹھ سال کا تھا دوسرا دس سال کا مگر وہ صرف کہنے کو ہی بڑی تھی۔ عقل اور عادت کے اعتبار سے وہ اتنی ہی پیدل تھی جتنے اس کے بھائی تھے۔ عمر اس کی بیس سال تھی اور بمشکل ایف اے سے پیچھا چھڑا کر اس نے اسی سال بی اے میں ایڈمشن لیا تھا۔ اکلوتے ہونے کے سارے نقائص اور خامیاں اس میں بکثرت موجود تھیں۔

کام کاج سے اسے کوئی دلچسپی نہیں تھی اور کام چوری میں اس نے اگلے پچھلے تمام ریکارڈ توڑ دیئے تھے۔ ماں ہزار بار کہتی چیختی چلاتی مگر مجال ہے جو اس پر کوئی اثر ہوتا۔ ہر بات کا جواب وہ اپنی طرف سے بڑی اعلیٰ دلیلوں سے دینے کی کوشش کرتی اور دوسروں کے ساتھ ساتھ اسے خود بھی احساس تھا کہ اس کی دلیلیں بہت بونگی ہوتی ہیں مگر اس بات نے کبھی اس کی ہمت پسپا نہیں کی تھی

مگر ایسا بھی نہیں تھا کہ وہ کچھ کرتی ہی نہیں تھی' شوق اس نے بہت بڑے بڑے پالے ہوئے تھے پہلا ابتدائی اور انتہائی قسم کا شوق انگلش میں فیل ہونے کا تھا اور یہ شوق اسے بچپن سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہی تھا۔ پہلے وہ سال میں تین بار اس شوق کو پورا کرتی تھی پھر کالج میں آ کر جب یہ عرصہ زیادہ طویل ہو گیا (پیپرز کے دو سال بعد منعقد ہونے کی وجہ سے) تو اس نے باری باری تین بار انگلش میں فیل ہونے کی درخشاں روایت کو قائم رکھا اور ستم در ستم یہ کہ انگلش میں ان کارناموں کے باوجود اس نے بی اے میں انگلش لازمی کے ساتھ ساتھ لٹریچر بھی لے لیا کیونکہ آج کل ڈائجسٹوں کی کہانیوں کی زیادہ تر ہیروئنوں نے یہی Subject پڑھا ہوتا ہے۔ ہاں بھئی اس کا دوسرا بڑا شوق ڈائجسٹ پڑھنا تھا۔ بہت ڈائجسٹ جمع کئے رکھتی تھی وہ' کچھ دوستوں سے ادھار لے کر کچھ زبردستی اٹھا کر اور کچھ چوری کر کے بہرحال ڈائجسٹوں کا ایک ڈھیر اس نے جمع کیا ہوا تھا اور ہر ڈائجسٹ کے اوپر اس نے بڑے پیار سے اخبار چڑھایا ہوتا تھا۔

ایک شوق اسے کھانے کا بھی تھا اور وہ ہر چیز کھا جایا کرتی تھی جو کھانے کے قابل ہوتی تھی مسئلہ صرف کھانے کا ہوتا تو پھر بھی ٹھیک تھا مگر بات اس سے بھی بڑھ چکی تھی' اس کے کھانے کی کوئی حد ہی نہیں تھی جو چیز وہ کھانے پر آتی بس کھاتی ہی چلی جاتی' چاہے وہ ٹافیاں ہوں یا بسکٹ۔

بات صرف ان چیزوں کے شوق تک رہتی تو شاید سب کچھ ٹھیک ہی رہتا مگر آج کل اسے جو شوق ہوا تھا وہ نہ صرف نیا تھا بلکہ بے حد خطرناک بھی۔

"میں نے تمہیں کہہ دیا تھا جو کچھ بھی ہو بس یہ کام تو مجھے کرنا ہی ہے۔"

کالج لان میں درخت کے نیچے اپنی چاروں دوستوں کے سامنے اس نے اعلان کیا تھا۔

"ہاں ہاں ٹھیک ہے کرنا ضرور کرنا' ہم کب منع کر رہے ہیں مگر کچھ صبر اور حوصلے سے کام لو' ایسے کام جلد بازی میں خراب ہو جاتے ہیں۔"

عینی نے بڑے تحمل سے اسے سمجھایا تھا۔

"مجھے کوئی جلد بازی نہیں ہے مگر کچھ آغاز تو ہو ابھی تک معاملہ جوں کا توں ہے۔"

"اب ہم کیا کریں جو حربے ہمیں معلوم تھے وہ ہم نے تمہیں بتائے اب ان کا کوئی فائدہ نہیں ہوا تو ہم کیا کریں۔"

اس کی دوسری دوست سارہ نے منہ پر ہاتھ رکھ کر جمائی روکتے ہوئے کہا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

''لو کتنے آرام سے تم نے کہہ دیا کہ ہم کیا کریں' دوست کیا تم جیسے ہوتے ہیں کہ ضرورت پڑنے پر ہاتھ جھاڑ کر کھڑے ہو جاتے ہیں کہ ہم کیا کریں آخر تمہاری مدد کے بغیر میں اپنی خواہش پوری کیسے کر سکتی ہوں۔''

''مجھے تو یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ تمہیں اتنی گھٹیا خواہش پالنے کی ضرورت کیا تھی آگے کم..... شوق پال رکھے ہیں۔''

سارہ نے دوسری بار گھٹیا کا لفظ استعمال کرنے سے دریغ کیا جانتی تھی کہ وہ گلے پڑ جائے گی۔

''سارا زمانہ یہی خواہش پالے پھرتا ہے میں نے ایسا کون سا انہونا کام کر دیا ہے۔'' اس نے اپنی صفائی پیش کرنے کی کوشش کی تھی۔

''سارا زمانہ کنویں میں چھلانگ لگائے گا تو کیا تم بھی لگا دو گی اور سارا زمانہ بہت سے اچھے کام بھی کرتا ہے کبھی انہیں فالو کرنے کی کوشش کی تم نے ہاں پیروی کرنے کا خیال آیا تو بس لو میرج کے سلسلے میں آیا۔''

سارہ نے اسے اچھی طرح جھاڑا تھا اس کا ردعمل توقع کے مطابق تھا وہ بھیں بھیں کر کے رونے لگی۔

''بس جی کہنا کیا ہوتا ہے یہاں تو ڈرامہ 85 شروع ہو جاتا ہے۔'' سارہ نے کافی ناگواری سے کہا تھا باقی تینوں دوستوں نے بڑی ہمدردی سے اس کے مگرمچھ کے آنسوؤں کو دیکھا تھا پھر عینی نے کہا۔

''چلو اب رونا دھونا بند کرو' تمہیں کہا تو ہے کہ ہم تمہاری مدد کریں گے مگر کچھ سوچنے تو دو۔'' ثنا نے بڑی پھرتی سے اپنے آنسو خشک کیے تھے اور گلوگیر آواز میں کہا۔

''ہاں تو کچھ سوچو نا۔''

اس کی چاروں دوستیں سوچ کے سمندر میں گم ہو گئیں اور وہ بڑے اطمینان سے کچر کچر چپس کھاتے ہوئے ان کا منہ دیکھنے لگی کافی طویل خاموشی کے بعد شازیہ نے سر اٹھایا تھا۔

''ایک خیال آیا تو ہے مجھے' تم ایسا کیوں نہیں کرتیں کہ انہیں آئیڈیاز کو استعمال کرو جو تم افسانوں میں پڑھتی ہو' شاید انہیں میں سے کوئی تکا لگ جائے۔''

وہ اس کے مشورے پر تقریباً اچھل پڑی تھی۔

''کیا بات ہے تمہاری کیا مشورہ دیا ہے تم نے یہ مشورہ پہلے دیتیں تو اتنا وقت تو ضائع نہ ہوتا نا۔''

''لو جب خیال آتا تب ہی دیتی نا۔'' شازیہ نے ناگواری سے کہا۔

اور گھر جاتے ہی وہ اسٹور میں گھس گئی تھی۔ دو پہر سے لے کر رات کے بارہ بجے تک وہ رسالوں میں سے ڈھونڈ ڈھونڈ کر لو میرج کے اچھے آئیڈیاز کاپی پر اتارتی رہی' اگلے دن کالج میں وہ چاروں دوستیں پھر درخت کے نیچے جمع تھیں۔

''میں نے یہ آئیڈیاز نکالے ہیں تم لوگ ذرا دیکھو تو سہی انہیں اور پھر مجھے بتاؤ کہ کس ترتیب سے انہیں ٹرائی کرنا چاہیے۔''

اس نے کاپی ان کے سامنے بڑھا دی وہ چاروں بڑی دلچسپی سے کاپی پر جھک گئیں۔

''ایک تو یہ نزہت عبداللہ کے افسانے والا آئیڈیا ٹھیک ہے۔ کسی بھی خوب صورت گھر میں گھس جانے والا' ماڈل ٹاؤن کا ایک چکر لگانا پڑے گا گھر سلیکٹ کرنے کے لئے مگر یہ آئیڈیا بہت اچھا ہے۔ پہلے نمبر پر تو اسے ہی رکھ لو۔'' فرزانہ نے چین سے نمبرنگ کا آغاز کیا تھا اور پھر انہوں نے پانچ بہترین آئیڈیاز کا انتخاب کیا تھا۔

''میرے خیال میں فی الحال اتنے کافی ہیں ان میں سے کوئی نہ کوئی تو کام آئے گا ہی اور اگر یہ سب بے کار رہے تو پھر مزید کے بارے میں سوچا جائے گا۔'' شازیہ نے کاپی بند کرتے ہوئے کہا تھا۔

''اب تم یہ بتاؤ کہ تم نے کہیں اپنے گھر سے کالج تک کے راستے میں کوئی ایسا گھر دیکھا ہے جو بہت خوب صورت ہو۔'' فرزانہ نے اس سے پوچھا۔ اس نے سر کو تھوڑا سا کھجا کر کہا۔

''تمہیں تو پتا ہے میں وین پر کالج آتی ہوں اور وین میں بالکل آگے کونے میں بیٹھتی ہوں اور وین میں اتنا رش ہوتا ہے کہ باہر کا کوئی نظارہ نظر ہی نہیں آتا ویسے میرا خیال ہے کہ راستے میں ایسا کوئی گھر ہے بھی نہیں جو مجھے اپنے خوابوں کا گھر لگے۔''

''تمہارے گھر کے قرب وجوار میں بھی ایسا کوئی گھر نہیں۔'' فرزانہ نے تھوڑا مایوس ہو

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کر کہا تھا ثنا نے سرنفی میں ہلا دیا۔

''اس کا مطلب ہے ہمیں ماڈل ٹاؤن جانا ہی پڑے گا۔'' اس بار شازیہ نے کہا تھا۔

اور پھر ایک دن پانچوں دوستیں کالج کے بعد گھر جانے کی بجائے ماڈل ٹاؤن کی طرف روانہ ہوگئیں' ماڈل ٹاؤن ڈی بلاک کے سامنے ویگن کے اسٹاپ پر ویگن سے اترنے کے بعد انہوں نے پیدل اپنے سفر کا آغاز کیا تھا۔ ہر گھر کو بڑے غور سے دیکھتے ہوئے وہ بلاک کا چکر لگا رہی تھیں۔

''یار مجھے تو ہر گھر ہی پسند آ رہا ہے۔ مجھ سے تو فیصلہ ہی نہیں ہو رہا کہ کون سا گھر ٹھیک رہے گا۔'' ثنا نے اپنا مسئلہ بتایا تھا۔

''ٹھیک ہے پھر تم ایسا کرو کہ ہر گھر میں باری باری جاؤ جہاں کوئی الو پھنس جائے بس سمجھ لینا وہی تمہارا مستقبل کا سسرال ہے۔'' سارہ نے اپنی طرف سے انتہائی دانش مندانہ مشورہ دیا تھا مگر پوری پلٹن نے اسے ملامتی نظروں سے دیکھا۔

''یہ صرف مشورہ تھا بھئی۔'' سارہ نے ان کی نظروں سے گھبرا کر اپنی صفائی پیش کی۔

''تم ایسے مشورے اپنے پاس ہی رکھو۔'' ثنا نے تڑخ کر اسے کہا۔

''ثنا یہ گھر اچھا ہے وائٹ ماربل کا ہے اس رائٹر نے بھی کچھ اسی قسم کا گھر بتایا تھا۔''

فرزانہ اچانک ایک گھر کے سامنے ٹھٹک گئی تھی۔ اس نے رائٹر کا ذکر ایسے کیا تھا جیسے انہوں نے خود اسے گھر کا پتا لکھ کر دیا تھا اس تاکید کے ساتھ کہ بھئی وہاں ضرور جانا۔

''ہاں گھر تو ویسا ہی ہے۔'' ثنا نے محتاط انداز میں گھر پر نظر ڈالی تھی وہ سب اس کوٹھی کا جائزہ اس طرح لے رہی تھیں جیسے وہاں ڈاکا ڈالنا ہو۔

''تو پھر کیا خیال ہے۔'' سارہ نے پوچھا تھا۔

''ہاں بس یہی ٹھیک ہے۔'' ثنا نے حتمی انداز میں کہا۔

''تو بس ٹھیک ہے تم اور سارہ اندر چلے جاؤ ہم آگے کا ایک چکر لگا کر آتے ہیں۔'' فرزانہ نے کہا تھا۔

''ٹھیک ہے مگر زیادہ دور مت جانا۔'' سارہ نے انہیں تاکید کی۔

''نہیں بھئی اسی سڑک پر رہیں گے اور جوتا ایک بار چیک کر لو اور ثنا تمہاری شلوار کے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پائنچے ایڑھیوں سے بھی نیچے لٹک رہے ہیں۔ بھاگتے ہوئے تو یہ جوتوں کے نیچے آ ئیں گے اور تم گر بھی سکتی ہو۔اس لئے شلوار کو تھوڑا اوراوپر کرو بلکہ ٹخنوں سے اوپر ہو تو زیادہ بہتر ہے جیسے سارہ کی ہے۔ بالوں میں ذرا برش پھیر لو اور لپ اسٹک بھی ذرا دوبارہ لگالو۔'' ثنا نے فرزانہ کی ہدایات پر عمل شروع کر دیا۔

دوپہر کے دو بجے اس ویران سڑک پر کوئی نہیں تھا سو وہ بڑی آزادی سے اپنا کام کر رہی تھیں۔ شازیہ نے بیگ سے پرفیوم نکال کر اس پر چھڑکا اور اس سے ہیئر برش اور لپ اسٹک لے کر بیگ میں رکھ لیں۔

''یاد رکھنا کتے کی آواز سنتے ہی دونوں بھاگ کر باہر آجانا یہ انتظار مت کرنا کہ اس کی شکل نظر آئے تو ہی بھاگنے کی کوشش کرو تم لوگوں کو کتے کی رفتار کا کوئی اندازہ نہیں ہے اور نہ ہی اس سے کوئی رشتہ داری ہے۔اس لئے بہترین راستہ فرار ہے اور وہ باہر آ گیا تو پھر صرف تم لوگوں کے لئے ہی نہیں ہمارے لئے بھی مسئلہ ہوگا۔''

عینی نے کسی جنگی کمانڈر کی طرح انہیں حکمت عملی سمجھائی تھی۔

''تم فکر نہ کرو اب ہم اتنے بے وقوف نہیں ہیں۔'' ثنا نے اسے تسلی دی تھی۔

''بس پھر ٹھیک ہے ہو جاؤ روانہ۔'' شازیہ نے انہیں کہا تھا اور وہ خود تینوں ان کی طرف ہاتھ ہلاتے ہوئے آگے نکل گئی تھیں۔

وہ دونوں ٹہلنے کے انداز میں آگے بڑھیں اور گیٹ کھول کر اندر داخل ہو گئیں۔ بڑے محتاط انداز میں انہوں نے ادھر ادھر نگاہ ڈالی تھی وسیع وعریض لان میں دور دور تک انہیں کوئی نظر نہیں آیا۔

''کیا لان ہے یار!'' سارہ نے بے اختیار داد دی تھی۔ ثنا اس کی بات پر بڑے فخریہ انداز میں مسکرائی تھی جیسے یہ سارا کمال اس کا ہو۔

''کوئی کتا وغیرہ بھی نظر نہیں آ رہا۔'' سارہ نے ادھر ادھر دیکھ کر کہا تھا۔

''اب کیا کریں؟ اندر چلے جائیں یا یہیں رہیں۔''

''ایسا کرتے ہیں ذرا پیچھے سے بھی ہو کر آتے ہیں۔ ذرا دیکھیں تو سہی پیچھے بھی لان ہی ہے یا کچھ اور ہے۔'' ثنا لان میں داخل ہو گئی۔ سارہ نے اس کی پیروی کی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

دونوں بڑے مزے سے لان میں ٹہلتے ہوئے گھر کے عقبی حصے میں پہنچ گئیں اور وہاں پہنچتے ہی دونوں کے قدم ایک ساتھ منجمد ہوئے تھے لان کے بالکل وسط میں ایک بڑے شیلٹر کے نیچے ایک عمدہ سوئمنگ پول تھا اور سوئمنگ پول کے پاس رکھے ہوئے اسٹیریوز بلند آواز میں Tina Turner کا ریکارڈ بجا رہے تھے۔ سوئمنگ پول کے پاس ایک ٹیبل پر اورنج جوس کا ایک گلاس پڑا تھا اور کچھ کیسٹس مگر جس چیز نے انہیں ساکت کیا تھا وہ باتھ گاؤن پہنتا ہوا ایک مرد تھا وہ ابھی ابھی سوئمنگ پول سے برآمد ہوا تھا اور باتھ گاؤن پہن کر اس نے دونوں ہاتھوں سے بال ماتھے سے ہٹائے تھے پھر وہ جوس کا گلاس لے کر چیئر پر بیٹھ گیا تھا۔

وہ بلاشبہ بے حد خوب صورت تھا کم از کم انہوں نے آج تک اس جیسا بندہ نہیں دیکھا تھا وہ چھ فٹ سے بھی نکلتے ہوئے قد کا مالک تھا اور بہت Chirelled Features کا مالک تھا رنگت سے وہ کوئی انگریز نظر آتا تھا مگر اس کے ڈارک بلیک بال اس کی نفی کر رہے تھے جوس پیتے ہوئے وہ میوزک کے ردھم پر ایک پیر سے فلور کو Tap کر رہا تھا اس کا رخ انہیں کی طرف تھا مگر اس نے ابھی تک انہیں نہیں دیکھا تھا۔

''بہت خوش قسمت تو ثنا بہت خوش قسمت ہے۔'' ایک طویل خاموشی کو سارہ نے توڑا تھا۔

''چلو آگے چلتے ہیں اس کے پاس۔'' ثنا نے اسے جواب دینے کی بجائے مشورہ دیا تھا۔ دھڑکتے دل کے ساتھ انہوں نے اس کی طرف جانا شروع کیا تھا لیکن صرف دو ہی قدم اٹھائے تھے کہ اس کی نظر ان پر پڑ گئی تھی۔ اتنی دور سے بھی انہیں اس کے ماتھے پر پڑنے والے بل صاف نظر آئے تھے۔ انہوں نے آگے بڑھنا بند کر دیا۔

اس نے جوس کا گلاس میز پر رکھا اٹھ کر اسٹیریو آف کیا اور ان کی طرف بڑھنے لگا ان کی نبض اور دل کی دھڑکن بڑھ گئی تھی۔ وہ ان کے سامنے آ کر رک گیا۔ امریکن لہجہ میں بہت رواں انگلش میں اس نے ان سے پوچھا تھا۔

Who are you and how did you come in.

اس کی انگلش سن کر ان دونوں کے اوسان خطا ہو گئے تھے سوال مشکل نہیں تھا مگر اچانک کیا گیا تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

''اس رائٹر کے افسانے میں تو ایسا نہیں ہوتا۔'' ثنا نے مدھم سی سرگوشی کی تھی۔

''مگر یہاں ہو رہا ہے۔ اسے اردو میں ہی جواب دو یہ نہ ہو کہ تمہاری انگلش سن کر وہ مزید کوئی سوال کر دے وہ بھی انگلش میں۔'' اتنی ہی مدھم سرگوشی میں سارہ نے اسے جواب دیا تھا وہ ان سے کچھ فاصلے پر کھڑا انہیں گھورتا ہوا جواب کا انتظار کر رہا تھا۔

''میں ثنا ہوں اور یہ سارہ ہے ہم یہاں سے گزر رہے تھے آپ کا گھر بہت اچھا لگا تو اندر دیکھنے چلے آئے میں آپ کو سچ کہہ رہی ہوں میں نے آج تک ایسا گھر نہیں دیکھا۔''

"Is it my fault"?

ثنا کو اس کا جملہ سن کر جھٹکا لگا تھا چند لمحوں کے لئے وہ نادم سی ہوئی مگر پھر اس نے رات کو تین گھنٹے لگا کر یاد کیے جانے والے ڈائیلاگز بولنے شروع کیے۔

''میں سچ کہہ رہی ہوں آپ کو شاید یقین نہیں آ رہا حسن و خوب صورتی کا ایسا شاہکار آج تک میری نگاہ سے نہیں گزرا یہ خوب صورتی اور نفاست اس گھر کے باسیوں کے اعلیٰ ذوق کی ترجمانی کر رہی ہے۔''

"Please what ever you want to say, say it in simple Urdu so that I could understand it. But at present you are doing just the other way round."

بڑے تیکھے انداز میں ابرو اچکاتے ہوئے اس نے کہا تھا' ثنا کا پورا منصوبہ یک دم پانی میں غرق ہو گیا تھا۔

"Now see I know this is a nice house but this colony is full of such houses. And I don't think there is anything special about my house. Alright. Do remember that this is not Taj Mahal or Shalimar Garden which you could visit as often as you wish. This is my house not a public place so don't come here again. I hate girls doing such disgusting things

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

as you have done. Now please move out."

اس بندے نے بہت ٹھہر ٹھہر کر کہا شاید اسے ان کی انگلش کی قابلیت کا اندازہ ہو گیا تھا لیکن انگلش میں ہی انہیں جو کچھ کہا تھا وہ حرف بحرف انہیں سمجھ آ گیا تھا۔ صرف دھکے دینے کی کسر چھوڑی تھی اس نے ان دونوں میں اگر شرم ہوتی تو اس سوئمنگ پول میں کود کر جان دے دیتیں جس سے وہ کچھ دیر پہلے طلوع ہوا تھا مگر اس نایاب چیز سے وہ اسی طرح محروم تھیں جس طرح ہمارے سیاست دان۔

دھیمے قدموں کے ساتھ لٹکے ہوئے چہرے لئے وہ اس گھر سے باہر آئی تھیں۔

''اس شخص سے کبھی رومانس نہیں کرنا چاہئے جسے اردو نہ آتی ہو'' سارہ نے باہر آتے ہی فرمایا تھا۔

''شاید اس نے بھی تمہارے ہی قول پر عمل کیا ہے بس اردو کی بجائے انگلش سمجھ کر۔'' ثنا نے اس کے طنز کو نظر انداز کرتے ہوئے کہا۔

''مجھے تو وہ شخص پہلی نظر میں ہی اچھا نہیں لگا تھا شرم حیا تو اسے چھو کر نہیں گزری' ذرا لحاظ نہیں آیا کہ دو مشرقی لڑکیاں سامنے کھڑی ہیں تو یا تھ گاؤن ہی اچھی طرح بند کر لے' یہ کہاں' کتنی دیدہ دلیری سے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا تھا۔ تمہیں تو پتا ہے میں کس قدر مذہبی اور مشرقی رکھ رکھاؤ والی لڑکی ہوں۔ میرا تو ویسے بھی ایسے بندے کے ساتھ گزارا ہی نہیں ہو سکتا اور پھر دیکھو کہ ذرا مروت نہیں تھی چلو ہم تو کسی اور مقصد کے ساتھ گئے تھے مگر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کسی کو مدد کی ضرورت ہی پڑ جائے اور وہ اندر چلا جائے اسے تو اتنا لحاظ بھی نہیں آیا کہ بیٹھنے کی آفر ہی کر دیتا۔''

سارہ کان لپیٹے اس کے شکوؤں کی بیاض سن رہی تھی ان کی باقی دو ساتھیں جو سڑک سے کچھ فاصلے پر چہل قدمی فرما رہی تھیں انہیں دیکھ کر پاس آ گئیں مگر آفرین ہے ان کی دوستی پر کہ پورا ماجرا سننے کے بعد انہوں نے کہا۔

''چلو کوئی بات نہیں دفع کرو' بہت گھر ہیں یہاں کہیں اور ٹرائی کرتے ہیں۔''

ایک دفعہ پھر انہوں نے اپنے سفر کا آغاز کیا۔

''ایک تو میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ لوگ اپنے گھروں کے اس طرح کے نام کیوں رکھتے ہیں۔''

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سارہ نے ایک گھر پر لگی ضمیر ہاؤس کی نیم پلیٹ دیکھ کر کہا تھا۔

''کیوں بھئی اس نام کو کیا ہو گیا ہے۔'' فرزانہ نے کہا تھا۔

''نہیں یہ اگر ضمیر ہاؤس ہے تو کیا اس کالونی کے باقی ہاؤس بے ضمیر ہاؤس ہیں۔''

اس کی دوستیں اس کی بات پر کھلکھلائی تھیں مگر ثنا نے ایک ٹھنڈی آہ بھر کر کہا۔

''کم از کم ایک گھر نے تو یہی ثابت کیا ہے۔''

''ثنا یہ گھر اچھا ہے یہاں ٹرائی کرو۔''

عینی نے ایک طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا۔

''ہاں اچھا تو ہے چلو دیکھتے ہیں۔'' پھر ضروری تیاری کے بعد ثنا ایک بار پھر سارہ کے ساتھ اس گھر کا گیٹ کھول کر اندر داخل ہوئی تھی اور اندر داخل ہوتے ہی اس نے پورچ میں ایک نوجوان کو موٹر سائیکل دھوتے دیکھا تھا۔

''شکل اچھی ہے اس کی ڈائیلاگ دہرا لے ایک بار ذہن میں۔''

سارہ نے سرگوشی کی تھی۔ بائیک کو پانی والے پائپ سے دھوتے دھوتے اس نوجوان نے اچانک نظر اٹھائی تھی اور ان دونوں کو دیکھ کر اس نے پائپ زمین پر پھینک دیا۔ شرٹ کی آستینیں سیدھی کرتے ہوئے وہ ان کی طرف آنے لگا۔

''کافی باحیا نوجوان ہے۔'' سارہ نے ایک بار پھر سرگوشی کی تھی۔

''جی آپ کون ہیں۔'' اس نے قریب آ کر پوچھا تھا۔

''اصل میں ہم لوگ یہاں سے گزر رہے تھے۔ آپ کا گھر اچھا لگا تو اندر چلے آئے دیکھنے کے لئے، مجھے خوب صورت گھر دیکھنے کا بہت شوق ہے۔''

ثنا نے روانی سے کہا تھا۔ وہ اس کی بات پر مسکرایا تھا۔

''اچھا شوق ہے لیکن ہمارا گھر اتنا بھی خوب صورت نہیں ہے۔ خیر آپ آئی ہیں تو ضرور دیکھ لیں۔'' اس نوجوان نے بڑے خلوص سے کہا تھا۔

''آ جائیں۔'' یہ کہہ کر وہ اندر کی طرف مڑ گیا۔ ان دونوں نے ایک دوسرے کو مسکرا کر دیکھا اور پھر اس کے پیچھے چل پڑیں۔

''آپ کا نام کیا ہے؟'' ثنا نے منصوبے کے دوسرے حصے پر عمل شروع کیا تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

''میرا نام عادل ہے۔'' اس نے مڑ کر بڑے مؤدب انداز میں جواب دیا۔

''آپ کا نام کیا ہے؟''

''میرا نام ثنا ہے اور ان کا نام سارہ ہے ہم دونوں گریجوایشن کر رہی ہیں۔''

''میں بی کام کر رہا ہوں۔'' لاؤنج کا دروازہ کھولتے ہوئے اس نے کہا تھا۔ وہ دونوں اس کے پیچھے پیچھے اندر داخل ہوئیں۔

''میں آپ کو اپنی امی سے ملواتا ہوں کیونکہ اس وقت گھر میں صرف وہی ہیں۔''

''کیوں باقی سب لوگ کہاں ہیں۔'' ثنا نے دل ہی دل میں خوش ہوتے ہوئے کہا۔

''میری بس تین بہنیں ہیں اور وہ تینوں شاپنگ پر گئی ہیں اور ابو امریکہ میں ہوتے ہیں۔'' اس کے انکلوتے ہونے کا سن کر ثنا کا سیروں خون بڑھ گیا تھا اور جب وہ اس کی امی سے ملی تو اسے اپنی منزل اور قریب لگنے لگی' وہ اتنی خوش اخلاقی اور محبت سے ملی تھیں جیسے برسوں سے انہیں جانتی ہوں۔

عادل انہیں ساتھ لے کر پورا گھر گھماتا رہا اور ثنا نے تعریفوں کے اگلے پچھلے سارے ریکارڈ توڑ دیئے۔ وہ بھی ثنا کی طرح خاصا باتونی تھا اور اس کا سارا دھیان بھی ثنا کی طرف ہی تھا جب وہ پورا گھر دیکھ چکیں تو عادل کی امی چائے تیار کر چکی تھیں ان کے انکار کے باوجود انہوں نے اصرار کر کے انہیں چائے پلوائی۔

''آئندہ بھی اپنی دوست سے ملنے آنا تو ہمارے یہاں ضرور آنا۔'' انہوں نے خاص طور پر تاکید کی تھی۔

پھر جب وہ عادل کے ساتھ جانے کے لئے لاؤنج سے باہر نکلیں تو ثنا بے تحاشا خوش تھی اس کا دل اس رائٹر پر قربان جانے کو چاہ رہا تھا جس کے آئیڈیئے نے اس کا مستقبل سنوار دیا تھا وہ عادل کے ساتھ گیٹ کی طرف جاتے جاتے خیالوں میں بہت دور نکل گئی تھی۔ عادل نے ان کے لئے گیٹ کھولا تھا اور کہا تھا۔

''باجی آپ پھر کب آئیں گی؟'' ثنا نے شپٹا کر سارہ کو دیکھا۔ اس کے پون گھنٹے کی محنت ایک بار پھر غارت ہوتی نظر آ رہی تھی۔

''بتائیں نا باجی۔'' عادل نے پھر اصرار کیا تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

''بیڑا غرق تیرا مردود۔'' اس کی بڑبڑاہٹ صرف سارہ کو سنائی دی تھی اور اس نے اس کی ترجمانی کے فرائض سنبھالتے ہوئے اس کے الفاظ کی ٹرانسلیشن کی۔

''جب خدا ادھر لایا تو ضرور آئیں گے اور خدا جلد ہی لائے گا۔ خدا حافظ۔''

یہ کہہ کر وہ ثنا کا بازو پکڑ کر باہر نکل آئی تھی۔ اپنے پیچھے انہوں نے گیٹ بند کرنے کی آواز سنی۔

''شرم نہیں آئی اسے، مجھے باجی کہتے ہوئے تین بہنیں کم ہیں اسے' جو ابھی اور باجیوں کی تلاش ہے۔ تین گھنٹے اس کی بکواس سن کر سر دکھ گیا ہے اور یہ خبیث کہہ رہا ہے باجی پھر کب آئیں گی۔''

''اس رائٹر کے افسانے میں ایسا بھی نہیں ہوا ہوگا۔''

سارہ نے اپنی ہنسی دباتے ہوئے پوچھا۔

''آج کے مردوں کو خواتین سے بات کرنے کی تمیز ہی نہیں ہے۔''

ثنا نے آخری نتیجہ یہ ہی اخذ کیا تھا۔ ان کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر ان کی دوستوں کو کچھ کہے بغیر ہی سب کچھ پتا چل گیا تھا۔

''ایک آخری مرتبہ اور ٹرائی کر لیتے ہیں بس پھر کوئی اور آئیڈیا استعمال کریں گے۔''

عینی نے اس کی ہمت دوبارہ سے بندھائی۔

''لیکن اس بار گھر کا انتخاب سوچ سمجھ کر کرنا ہے۔'' ثنا نے بگڑے انداز کے ساتھ کہا تھا۔ پھر ایک سڑک پر انہیں چند بہت خوبصورت گھر پاس پاس نظر آئے۔ وہ انہیں اچھی طرح سے دیکھنے کے لئے دو تین بار چہل قدمی کے انداز میں ان گھروں کے سامنے سے گزریں اور جب چوتھی بار وہ ایک آخری نظر ڈالنے کے لئے دوبارہ واپس مڑیں۔ تو کمانڈو کے لباس میں ملبوس اسٹین گن کندھے پر لٹکائے ساڑھے چھ فٹ کا ایک گیٹ کیپر ان کا منتظر تھا۔ قریب آنے پر اس نے کہا تھا۔

''میں بہت دیر سے تم لوگوں کو دیکھ رہا ہوں۔ کبھی تم ادھر جاتی ہے کبھی تم ادھر جاتی ہے کبھی تم گیٹ کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہے۔ آخر تم کیا چاہتی ہے۔''

اس نے اپنے مخصوص انداز میں کہا تھا۔ ثنا کو بھڑکنے میں بس ایک منٹ لگا۔ کہیں نہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

کہیں تو اسے غصہ اتارنا ہی تھا۔ اس نے بلند آواز میں اس پٹھان چوکیدار سے کہا۔

''ہم ادھر ڈاکہ ڈالنے آئے ہیں۔ گھوم پھر کر دیکھ رہے ہیں کہ کس دیوار سے چڑھنا آسان اور بہتر ہوگا مگر اب ہم نے سوچا ہے کہ دیوار کی بجائے گیٹ پھلانگ کر اندر جاتے ہیں۔ ایک تو اس سے وقت بچے گا اور آپ کو پتا ہی ہے کہ وقت کتنا قیمتی ہوتا ہے اور دوسرا ہمارے کپڑے بھی ٹھیک ٹھاک ہی رہیں گے۔ سلوٹیں ذرا کم ہی پڑیں گی اور آپ کو تو پتا ہے کہ لڑکیوں کو ہمیشہ ویل ڈریس رہنا چاہئے سلوٹوں والے کپڑے پہن کر لوگ ہمیں دیکھیں گے تو کہیں گے کہ کتنی پھوہڑ لڑکیاں ہیں ان سے کوئی کام بھی نہیں ہوتا۔

اور آپ کو تو پتا ہے پھوہڑ لڑکیوں کو رشتے ذرا مشکل سے ہی ملتے ہیں۔ اب ہم یہ طے کر رہے تھے کہ گیٹ پھلانگ کر جائیں گے تو پھر آپ سے کیا سلوک کریں۔ صرف آپ کو باندھ کر ڈال دیں یا پھر بے ہوش کرنا بہتر ہے۔ ویسے تو شکل سے آپ پہلے ہی بے ہوش نظر آ رہے ہیں مگر خیر احتیاط پھر بھی لازم ہے۔ ابھی ہم نے یہ طے کرنا تھا کہ کون سا سامان کون لے کر جائے گا۔ جیولری کون اپنے بیگ میں لے کر جائے گا اور فریج' ٹی وی' وی سی آر اور ڈیک کون اپنے بیگ میں لے کر جائے گا اور فرنیچر کون اپنے بیگ میں لے کر جائے گا مگر آپ نے بیچ میں دخل اندازی کر کے سارا معاملہ ہی خراب کر دیا۔ اب ہمارا موڈ ہی نہیں رہا ڈاکہ ڈالنے کا' اس لئے جا رہے ہیں ویسے تو آج کا کام کل پر نہیں چھوڑنا چاہئے مگر خیر پھر کبھی سہی خدا حافظ۔ Keep Waiting''

وہ یہ کہہ کر اپنی دوستوں کے ساتھ وہاں سے چل پڑی۔ چوکیدار ہکا بکا اسے جاتا دیکھتا رہا پھر اس نے گھر کے اندر گھس کر مضبوطی سے گیٹ بند کر لیا تھا۔

''تم بھی عجیب شے ہو شنا۔''

''ہاں ہوں پھر۔'' اس نے فرزانہ کی بات پر اکڑ کر کہا تھا۔

''اب بتاؤ کیا کرنا ہے؟'' جینی نے پوچھا تھا۔

''کرنا کیا ہے ایک آخری بار کسی گھر میں ٹرائی کر لیتے ہیں کام بن گیا تو ٹھیک ورنہ پھر کسی دوسرے آئیڈیے پر غور کرنا پڑے گا۔'' شازیہ کی بات پر اس نے سر ہلا دیا۔

اور پھر چند منٹوں کی تگ و دو کے بعد انہوں نے ایک گھر منتخب کر ہی لیا تھا۔ حسب

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

معمول وہ اور سارہ اندر داخل ہوئی تھیں مگر اس بار دونوں میں پچھلے جوش و خروش کی کمی تھی۔ اس بار بھی انہیں اندر کوئی نظر نہیں آیا تھا۔

''اللہ میاں اب تو ہیرو ملوا دے اب تو چل چل کر پاؤں بھی ٹوٹنے لگے ہیں۔''

ثنا کی دعا اس بار فوراً قبولیت پا گئی۔ ایک شاندار سی غراہٹ کے ساتھ ہیرو کی انٹری ہوئی تھی۔ جرمن نسل کا ایک خوبرو اور ورزشی جسم کا مالک کتا یک دم عقبی لان سے برآمد ہوا تھا۔ وہ دونوں اس وقت تک پورچ میں پہنچ چکی تھیں کتے کو ایک دم اپنے سامنے دیکھ کر پہلے تو ان کی سمجھ میں ہی نہیں آیا کہ کیا کیا جائے۔ ہاں جب کتے نے زور و شور سے بھونکنا شروع کیا تو اچانک انہیں یاد آیا کہ اس موقع پر انہیں بھاگنے کی ہدایت کی گئی ہے اور پھر انہوں نے اولمپک چیمپئن کارل لوئیس کی اسپیڈ سے بھاگنا شروع کیا تھا اور بھاگتے ہوئے دونوں نے اپنے بیگ بھی وہیں پھینک دیئے۔

انہیں بھاگتے دیکھ کر کتے کی غیرت جاگ اٹھی تھی وہ پہلے دو بار اوپر اچھلا پھر آگے اور پھر پیچھے اور جب اس کی بیٹری چارج ہوگئی تو اس نے ان دونوں کے پیچھے بھاگنا شروع کر دیا تھا اور اتنی اس کی رفتار نہیں تھی جتنی اس کی آواز تھی۔ ثنا اور سارہ اس کے پہنچنے سے پہلے ہی گیٹ پار کر چکی تھیں مگر ان سے وہ فاش غلطی ہوگئی جو کسی صورت نہیں ہونی چاہئے تھی اور جسے نہ کرنے کے لئے انہیں تین ہزار تین سو تینتالیس بار نصیحت کی گئی تھی وہ گیٹ بند کرنا بھول گئی تھیں۔ نہ صرف اسے بند کرنا بھولیں بلکہ بھاگتے ہوئے انہوں نے اسے چوپٹ کھول دیا۔ کتے نے بھی بڑی شان سے بھاگتے ہوئے گیٹ پار کیا تھا۔

سڑک پر آگے ٹہلتی ہوئی ان کی دوستوں نے کتے کے بھونکنے پر پیچھے مڑ کر دیکھا تھا اور یک دم انہیں صورت حال کی سنگینی کا احساس ہوگیا تھا۔

''بیڑا غرق ان کا یہ اپنے کون سے چچا کو ساتھ لے آئی ہیں۔'' فرزانہ نے بھاگنے کی تیاری کرتے ہوئے کہا اور اس سے پہلے کہ کوئی دوست کچھ کہتی اس نے بھاگنا شروع کر دیا تھا۔ باقی دونوں نے بھی اس کی پیروی کی مگر اب مسئلہ یہ تھا کہ سارہ اور ثنا تو آرام سے بھاگ آئی تھیں کیونکہ انہوں نے پاؤں میں کورٹ شوز پہنے ہوئے تھے مگر باقی تینوں دوستوں نے ڈیڑھ ڈیڑھ انچ کی ہیلیں پہنی ہوئی تھیں اور ان سے بھاگا بھی نہیں جا رہا تھا اور کتا تھا کہ سر پر پہنچ رہا تھا مگر پھر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اچانک ایک معجزہ ہوا تھا جس گھر سے کتا برآمد ہوا تھا۔ وہیں سے ایک نوجوان بھی بھاگتا ہوا باہر نکلا تھا اور اس نے تقریباً چلاتے ہوئے کتے کو پکارا تھا۔

''جیک Come Back Stop''

اور جیک صاحب اس آواز پر مشین کی طرح گھوم گئے تھے۔ بڑی سبک رفتاری سے بھاگتا ہوا وہ واپس اس نوجوان کی طرف گیا تھا۔ وہ پانچوں رک گئی تھیں۔

''اس خبیث کا کتا ہے۔'' فرزانہ نے کہا۔

''ہاں اسی کا ہوگا ورنہ اس طرح اس کی طرف جاتا کیوں۔ آؤ سارہ ذرا بیگ لے آئیں اپنے اور دو چار اسے بھی سنا آئیں۔'' ثنا نے پھولی سانس کے ساتھ آستین چڑھاتے ہوئے کہا تھا پھر تیز قدموں کے ساتھ وہ دونوں اس نوجوان کی طرف چل پڑیں جو کتے کو چمکارتے ہوئے انہیں ہی دیکھ رہا تھا۔

''یہ تمہارا کتا ہے؟'' قریب جاتے ہی ثنا نے اسے جھڑک کر پوچھا تھا۔

''یقیناً میرا ہے۔''

''بڑی بھونکنے کی عادت ڈالی ہے اسے' کوئی انسانوں والی عادت نہیں سکھائی۔''

ثنا نے اپنی طرف سے عقل مندی کے سارے ریکارڈ توڑتے ہوئے مشورہ دیا تھا اور وہ اس کے جملے پر ششدر رہ گیا۔ چند لمحے خاموش رہنے کے بعد اس نے انہیں کہا تھا۔

''آئی ایم سوری کہ.....''

ثنا نے اس کی بات درمیان سے ہی کاٹ دی تھی۔

''کس بات کے لئے کہ کتا ہمیں کاٹ نہیں سکا۔''

''دیکھیں یہ کتا پیچھے بھاگا ضرور تھا مگر یہ کبھی آپ کو کاٹتا نہیں۔'' ثنا نے نوجوان کی تردید کو یکسر رد کر دیا تھا۔

''کیوں تم کیسے کہہ سکتے ہو کہ کاٹتا نہیں۔ تم اس کی نیت کا حال کیسے جانتے ہو؟''

''اس لئے جانتا ہوں کہ یہ میرا کتا ہے۔ اگر آپ بھاگتی نہیں تو یہ کبھی بھی آپ کے پیچھے نہیں بھاگتا۔ کاٹنے کی تو بات ہی دور کی ہے۔''

''جنہوں نے کاٹنا نہیں ہوتا وہ پیچھے بھی نہیں بھاگتے اور تم جیسے لوگ کتوں کو کھلا چھوڑ کر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

کیا ثابت کرنا چاہتے ہو یہی کہ بڑی نارزن چیز ہو تم۔"

وہ اب بھی اپنی بات پر مصر تھی۔

"دیکھیں اب آپ بدتمیزی کر رہی ہیں میں نے آپ سے ایکسکیوز کر لیا ہے۔ آپ کو بتا بھی دیا ہے کہ یہ کتا کسی کو کاٹتا نہیں۔ مگر آپ پھر بھی ایک چھوٹی سی بات کو خواہ مخواہ بڑھا رہی ہیں۔"

وہ اب واقعی اکتایا ہوا لگ رہا تھا۔

"یہ چھوٹی سی بات ہے تمہارے لئے۔ یہ کتا مجھے کاٹ لیتا تو چودہ انجکشن لگوانے پڑتے مجھے اور اگر کہیں چودہ انجکشن نہ لگواتی تو میرے دماغ پر اثر ہو سکتا تھا اور تمہارے نزدیک یہ سب معمولی بات ہے۔"

ثنا نے اسے دھاڑ کر کہا تھا اور اس کا جواب سن کر اسے مزید پتنگے لگ گئے تھے۔

"کتے کے کاٹے بغیر بھی آپ مجھے مینٹل کیس ہی لگ رہی ہیں۔ ہاں اس کے کاٹنے سے شاید آپ کو افاقہ ہو جاتا کیونکہ زہر کو زہر ہی مارتا ہے مگر اس صورت میں مجھے اپنے کتے کو چودہ ٹیکے لگوانے پڑتے۔"

وہ فوری طور پر سمجھ نہیں پائی کہ اس نے مذاق کیا تھا یا پھر طنز مگر اس کا پہلے سے ہائی پارہ اور ہائی ہو گیا تھا۔

"تم شکر کرو کہ میں نے تمہارے کتے کو بخش دیا ورنہ اور چند منٹ تم باہر نہ آتے تو میں نے تو اسے شوٹ کر دینا تھا۔ پسٹل رکھتی ہوں میں اپنے بیگ میں۔"

اس نے سفید جھوٹ بولا تھا۔

"مگر بیگ تو آپ یہاں چھوڑ کر بھاگ گئی تھیں پھر پسٹل کہاں سے لیتیں۔ مگر میرا خیال ہے کہ شاید آپ اسی طرح کتے کے آگے بھاگتی ہوئی پوری کالونی کا چکر کاٹ کر دوسری طرف سے دوبارہ میرے گھر آتیں پھر اپنا بیگ اٹھا کر پسٹل نکالتیں اور پھر میرے کتے پر نشانہ لیتیں اور پھر فائر کر دیتیں اور اتنی دیر تک میرا کتا فلمی ولن کی طرح آپ کے سامنے کھڑا ہو کر للکارتے ہوئے آپ کو فائرنگ کا موقع دیتا' واقعی آپ کی پلاننگ تو فول پروف ہے اور میری وجہ سے واقعی آپ کا منصوبہ خراب ہو گیا مگر چلیں کوئی بات نہیں آپ دوبارہ ٹرائی کر لیں۔"

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

وہ یہ کہتے ہوئے گیٹ کے اندر سے ان کے بیگ اٹھالایا تھا بڑی سنجیدگی سے اس نے انہیں تھماتے ہوئے کہا۔

''اب آپ پسٹل نکالیں اور اس کتے کو شوٹ کر دیں! چلو بھئی ٹھیک سے سامنے ہو جاؤ اور مرنے کی تیاری کرلو۔''

اس نے کتے کو اس طرح کہا تھا جیسے اس کی فوٹو گراف کھنچوانے کے لئے فوٹو گرافر کے سامنے کھڑا کر رہا ہو۔ وہ واضح طور پر اس کا مذاق اڑا رہا تھا۔

''اس بار تو پسٹل نہیں ہے مگر اگلی بار ضرور لاؤں گی۔'' ثنا نے دانت پیستے ہوئے بیگ کندھے پر لٹکا کر کہا تھا۔

''او ضرور مگر پلیز آنے سے پہلے فون ضرور کر دیجئے گا تا کہ میں دو چار اور کتوں کو بھی مرنے کے لئے اکٹھا کرلوں۔''

وہ یقیناً اب اس ساری گفتگو سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔

''تمہارے کتے کا کوئی قصور نہیں ہے شوٹ تو تم جیسے بدتمیز کو کرنا چاہئے۔''

''آئیڈیا اچھا ہے چلیں آپ مجھے ہی شوٹ کر لیجئے گا ویسے مجھے اعتراف کرنا چاہئے کہ آپ واقعی ایک ذہین خاتون ہیں۔ برائی کی جڑ کو بڑی جلدی آپ نے دریافت کرلیا۔'' وہ بلا کا حاضر جواب تھا۔

''دفع کرو ثنا چلو خوامخواہ وقت برباد کرنے کا کیا فائدہ ایسے لوگوں پر کسی بات کا اثر نہیں ہوتا۔''

سارہ نے اس کا بازو کھینچتے ہوئے کہا تھا۔

''بھئی آپ تو بلا کی نظر شناس اور حقیقت پسند واقع ہوئی ہیں۔ بہت ترقی کریں گی آپ زندگی میں۔'' اس بار وہ سارہ سے مخاطب ہوا تھا۔

خون کا گھونٹ پیتے ہوئے دونوں اپنی دوستوں کی طرف چل پڑی تھیں۔

''دوبارہ ضرور آیئے گا میں اور میرا کتا انتظار کریں گے آپ کا اور پسٹل ضرور لایئے گا۔'' انہیں اپنے پیچھے اس کی بلند آواز سنائی دی تھی بغیر مڑے اور پیچھے دیکھے وہ اپنی دوستوں کے پاس پہنچ گئی تھیں جو غصہ میں بھری ہوئی ان دونوں کی منتظر تھیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

''کتنی ہدایات دی تھیں تم دونوں کو' کہاں گئیں وہ' اپنے ساتھ ساتھ تم نے ہمیں بھی نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے اگر گیٹ بند کرنا بھول ہی گئی تھیں تو کم از کم ہماری طرف بھاگ کر آنے کی کوشش تو نہ کرتیں مگر تم لوگوں نے سوچا کہ ہم تو ڈوبیں گے صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔''

ان لوگوں کی جلی کٹی سنتی ہوئی وہ دونوں خاموشی سے ان کے ساتھ چلتی رہیں۔

''پھر اب کیا کرنا ہے۔'' تیسرے ہی دن وہ ایک بار پھر سے کالج میں اپنی دوستوں سے پوچھ رہی تھی۔

''لو میرج کا بھوت ابھی بھی تمہارے سر سے نہیں اترا' ثنا شرم کرو بلکہ خدا کا خوف کرو۔'' سارہ نے اسے پھنکارا تھا۔

''تم وعظ نہ کرو اور مشورہ دو۔'' ثنا نے اسے ٹکا سا جواب دیا تھا۔

''تم اپنے محلے یا ہمسایوں میں رومانس کرنے کی کوشش کیوں نہیں کرتیں۔ایک رائٹر کی ہیروئن ہمیشہ ہمسایوں میں رومانس کرتی ہے اور یہ رومانس ہمیشہ کامیاب رہتا ہے ویسے بھی اس میں پہلے آئیڈیے کی طرح کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔''

عینی نے اس کی افسانوں سے لئے گئے آئیڈیاز کی کاپی کو چھان پھٹک کر دیکھتے ہوئے کہا۔

''لو محلے میں رومانس کرنے میں تو سب سے زیادہ خطرہ ہے' ایک تو ہمارے محلے میں کوئی ڈھنگ کا لڑکا ہی نہیں ہے اور جو دو چار ہیں وہ کم بخت میرے ابا کی اور میری اتنی عزت کرتے ہیں کہ نظر اٹھا کر نہیں دیکھتے مجھے' اللہ کسی کو اتنی عزت بھی نہ دے۔''

ثنا کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے۔اس کی دوستوں نے اس کے دکھ کو دل سے محسوس کیا۔

''کوئی کزن بھی نہیں ہے تیرا؟'' فرزانہ نے اس سے پوچھا تھا۔

''جو دو چار ہیں ان سب کی شادی ہو چکی ہے اور وہ جس قسم کے ہیں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ان کی شادی ہو چکی ہے۔''

''یعنی یہ بھی نہیں ہو سکتا'' فرزانہ نے فکر مندانہ انداز میں کاپی کھنگالتے ہوئے کہا تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

''کوئی بچھڑے ہوئے تایا چچا نہیں ہیں تمہارے جنہوں نے اپنی مرضی سے شادی کر کے گھر چھوڑ دیا ہو ہوسکتا ہے کہ ان کا ہی کوئی بیٹا کام آ جائے ہماری ایک اور رائٹر کے افسانوں میں ایسا ہی ہوتا ہے۔'' فرزانہ نے پھر سر اٹھایا تھا۔

''ہمارے تایا چچا اتنے عقل مند کہاں تھے۔'' سارہ نے ثنا کی بات پر اچانک سر اٹھایا تھا اور پھر بڑے فلسفیانہ انداز میں کہا۔

''ثنا تمہارے ابا نے کبھی دوسری شادی تو نہیں کی ہو سکتا ہے ان کی پہلی بیوی کے پہلے شوہر سے کوئی اولاد ہو یا تمہاری امی کے بعد اگر انہوں نے کوئی شادی کی ہو تو تمہاری دوسری امی کا کوئی بھائی۔''

ثنا نے اپنے پاؤں سے جوتا نکال کر اسے مارا تھا۔

''فٹے منہ تیرا تو کوئی ڈھنگ کا مشورہ نہ دینا۔''

''لو بھلا میں نے ایسا کیا کہہ دیا اس موضوع پر بھی افسانے لکھے گئے ہیں۔'' سارہ نے اپنے کندھے کو سہلاتے ہوئے کہا تھا۔

''تم ایسا کیوں نہیں کرتیں کہ خود ہی کسی آئیڈیے کو چن لو۔''

''تم لوگوں میں سے کسی نے یہ نہیں کہا کہ چلو ہمارے اتنے ڈھیروں کے حساب سے بھائی اور کزن ہیں ان میں سے کسی کے ساتھ ہی تمہاری لو میرج کروا دیتے ہیں۔'' ثنا کی بات پر وہ چاروں یک دم محتاط ہو گئی تھیں۔

''بھئی میرے بھائیوں نے تو صاف کہا ہے کہ لو میرج نہیں کرنی جب بھی کریں گے ارینج ہی کریں گے اگر وہ تم چاہتی ہو تو میں کوشش کرتی ہوں۔'' فرزانہ نے بالآخر کہا تھا۔

''میرے بھائیوں کی تو بات طے ہو چکی ہے تم جانتی ہو۔'' اس بار عینی بولی تھی۔

''لو میرج کے حق میں تو میرے بھائی بھی نہیں ہیں شادی تو وہ بھی ارینج ہی کریں گے ہاں لو افیئر چلانے میں انہیں کوئی اعتراض نہیں مگر تم تو لو میرج چاہتی ہو۔'' شازیہ نے اپنا مسئلہ بتایا تھا۔

''بھئی میرا بھائی تو سرے سے شادی کے حق میں ہی نہیں ہے لو میرج تو دور کی بات ہے اس کا خیال ہے کہ پیدا ہو کر وہ ایک حماقت کر چکا ہے اب شادی کر کے دوسری حماقت نہیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کرے گا۔" سارہ نے اپنے فلاسفی کے اسٹوڈنٹ بھائی کی فلاسفی بیان کی تھی۔

"کس قسم کی تربیت کی ہے تم لوگوں نے اپنے بھائیوں کی کیا اچار ڈالو گی تم جو تمہاری دوست کے کام بھی نہیں آ سکتے۔ یاد رکھو دوستی ہر خونی رشتے سے بڑی ہوتی ہے اور وہ تو مٹ جاتی ہیں جہاں دوست دوستی نبھانا بھول جائیں۔" ثنا نے اپنے زمانے کی مقبول اداکارہ کے انداز میں اپنے پورے جذبات ڈائیلاگز کے ذریعے اپنی دوستوں تک پہنچانے کی بھرپور کرنا کام کوشش کی۔

"تو پھر اب تم بتاؤ کہ ہم کیا کریں اگر اللہ نے ہمیں اس قدر باحیا اور باکردار بھائی دیئے ہیں انہیں کہیں کہ ہماری ایک دوست لو میرج کرنا چاہ رہی ہے تو Why not you تم قربانی کے بکرے بن جاؤ اور اس دنیا کو تباہ ہونے سے بچالو۔"

سارہ نے بھرپور جماہی لے کر کہا تھا۔

"تو کیا حرج ہے یہ بات کہنے میں۔"

"تمہیں میرے فلسفی بھائی کا پتا نہیں ہے وہ واقعی قربانی کا بکرا بننے پر اصرار کرے گا کہ ہاں بھئی پھیر دو میرے گلے پر چھری اگر دنیا میرے مرنے سے ہی بچ سکتی ہے تو ایسا ہی سہی مگر شادی پر وہ پھر بھی تیار نہیں ہوگا۔"

سارہ نے بڑے ہمدردانہ انداز میں ثنا کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا۔

"یہ فون والا آئیڈیا اچھا ہے اور آسان بھی اسے ٹرائی کیوں نہیں کرتیں ڈائجسٹ کی رائٹرز کے اکثر رومانس ایسے ہی ہوتے ہیں۔"

اس بار کاپی شازیہ کے ہاتھ میں تھی اور وہی بولی تھی۔

"مگر اس میں مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ پتا نہیں چلتا کہ بولنے والے کی شکل وصورت کیسی ہے اور وہ ہے کون پھر اس کے بارے میں پوچھ گچھ کون کرتا پھرے۔"

"مگر رومانس تو پھر بھی ہو سکتا ہے باقی باتیں تو بعد کی ہیں بندہ اچھا ملے گا یا برا یہ تو قسمت پر ہوتا ہے۔"

عینی کی بات ثنا کو پسند آئی تھی چنانچہ اب اسی آئیڈیاز کو ٹرائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اگلے دن اس نے شام سے نمبر گھمانے شروع کئے تھے۔ پہلا نمبر ملنے پر کسی لڑکی نے فون اٹھایا تھا۔ اس نے فون بند کر دیا اور پھر دوسرا نمبر ملایا اب کی بار کسی آدمی نے فون اٹھایا تھا۔

ہیلو کہنے کے بعد ثنا کی سمجھ میں نہیں آیا کہ اب کیا کہے مگر خیر بات تو کرنی تھی۔

''یہ 592650 ہے؟'' اس نے پوچھا تھا۔

''جی یہ یہی نمبر ہے آپ کون ہیں؟''

''میں ثنا ہوں۔''

''کون ثنا اور آپ کو کس سے بات کرنی ہے۔''

''آپ شادی شدہ ہیں۔'' وہ آدمی ثنا کے اس سیدھے سوال پر چند لمحوں کے لئے خاموش ہو گیا۔

''جی شادی شدہ ہوں مگر آپ کون ہیں اور کیوں پوچھ رہی ہیں۔''

''آپ اگر شادی شدہ ہیں تو بہت ہی بدقسمت آدمی ہیں کہ ایک گوہر نایاب آپ کے ہاتھ آتے آتے رہ گیا اور آپ نے میرا وقت اور پیسے بھی بہت ضائع کروائے آئندہ فون سنتے ہی ہیلو کے بعد پہلا جملہ یہی کہا کریں کہ میں شادی شدہ ہوں تا کہ لوگوں کا وقت ضائع نہ ہو یہ قوم پہلے ہی بہت وقت ضائع کرتی ہے اور ہمارے پاس ترقی کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ ہم وقت کی قدر.....'' اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی دوسری طرف سے ریسیور رکھ دیا گیا تھا۔

تیسری بار نمبر ملانے پر فون کسی لڑکے نے اٹھایا تھا۔

''ہیلو میں ثنا ہوں۔'' اس نے لڑکے کی طرف سے ہیلو سنتے ہی اپنا تعارف کروایا تھا۔

''اوہ ثنا یہ تم ہو مگر تمہاری آواز کو کیا ہوا؟''

وہ یقیناً اسے کوئی اور ثنا سمجھا تھا۔ ثنا کی سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ کیا کہے۔

''تمہیں بھی شاید فلو ہو گیا ہے میری طرح۔'' اس لڑکے نے خود ہی اس کی مشکل آسان کر دی تھی مگر ثنا پھر بھی چپ ہی رہی۔

''یار کوئی بات کرو نا آخری اتنی چپ کیوں ہو؟''

''اللہ خیر کرے ثنا۔''

''کیا بات کروں۔'' ثنا نے کہا۔ ''یہ تم ہی ہو نا جو مجھ سے پوچھ رہی ہو کہ کیا بات کروں

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

منگنی کے بعد سے لے کر اب تک تم نے مجھ سے کبھی اس بارے میں رائے نہیں لی پھر ایک دم یہ انقلاب کیسے آ گیا ہے۔''

ثنا نے اس کا آخری جملہ سن کر کھٹاک سے فون بند کر دیا تھا۔

''تو یہ منگنی شدہ تھا لیکن عقل سے اتنا پیدل کہ اپنی منگیتر کی آواز تک نہیں پہچان سکا بے وقوف۔'' وہ اگلا نمبر ڈائل کرتے ہوئے بڑبڑائی تھی۔

پھر اس رات میں اس نے کم و بیش سو کے قریب کالیں کی تھیں مگر اس کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ بعض جگہ پر لڑکیوں نے فون اٹھایا بعض جگہوں پر شادی شدہ مردوں نے جن میں سے کئی ایک نے دوستی کی خواہش کا اظہار کرنے پر اسے بری طرح جھاڑ پلائی تھی ایک جگہ پر ایک بہت خوب صورت آواز سننے پر اس نے جب یک دم اپنی محبت کا اظہار کیا تو دوسری جانب سے بات کرنے والے نے بڑی پدرانہ شفقت سے جھڑکتے ہوئے کہا تھا۔

''بیٹی میں تمہارے باپ کی عمر کا ہوں اور میری تو اپنی تمہارے جتنی دو بیٹیاں ہیں یہ جو فون ہوتا ہے نا سائنس دانوں نے اسے ان مقاصد کے لئے نہیں بنایا جن کے لئے تم استعمال کر رہی ہو۔'' اس نے ان کی بات پوری سنے بغیر ہی دل برداشتہ ہو کر فون بند کر دیا۔

چند جگہوں پر فون کرنے پر اس کی گفتگو بہت اوچھے قسم کے لڑکوں سے ہوئی تھی اور ان کی بات کا انداز ہی اسے پسند نہیں آیا تھا سو وہاں بھی بات نہیں بنی اور بعض جگہوں پر جہاں اس نے بہت خوب صورت اور شائستہ آواز سنی تو ان لوگوں نے خود ہی اس کی دوستی کی خواہش کو بڑے آرام سے ٹھکرایا تھا۔

اسے لگا کہ پوری دنیا میں اس کے لئے کوئی اچھا اور شائستہ انسان بچا ہی نہیں بہت دلبرداشتہ ہو کر رات کے دو بجے بالآخر اس نے کالوں کا سلسلہ منقطع کر دیا تھا۔

اگلے دن کالج میں وہ اپنی دوستوں سے کہہ رہی تھی۔

''بھئی یہ فون پر رومانس میں نہیں کر سکتی ایک تو یہ بہت صبر آزما کام ہے اور دوسرا بہت مہنگا کام ہے آج کل تو فون کا بل ویسے ہی بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے تم لوگ مجھے کوئی اور آئیڈیا دو۔''

ایک بار پھر سے سب سر جوڑ کر ایک نئے آئیڈیے کی تلاش میں لگ گئی تھیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس شام کو وہ اپنے بھائیوں کو تعلیم کے فوائد اور استاد کی عزت اور احترام پر ایک لمبا چوڑا لیکچر دے کر انہیں پڑھانے بیٹھی تھی جب اچانک ساتھ والے کمرے میں فون کی گھنٹی بجی تھی۔

''تم لوگ یہاں سے ہلنا مت میں ایک منٹ میں آتی ہوں۔''

وہ انہیں دھمکاتے ہوئے دوسرے کمرے میں چلی گئی تھی۔

''ہیلو آپ ثنا ہیں؟'' فون کا ریسیور اٹھاتے ہی کسی مرد کی آواز اسے سنائی دی تھی۔

''جی میں ثنا ہوں آپ کون ہیں؟''

اس نے تھوڑی حیرانگی کے ساتھ پوچھا۔

''کیسی ہیں آپ ویسے تو میرا خیال ہے اچھی ہی ہوں گی آپ جیسے لوگ برے کہاں ہو سکتے ہیں۔''

اس آدمی نے اس کا سوال نظر انداز کرتے ہوئے چہک کر کہا تھا۔ ثنا کو یک دم ایسا لگا جیسے اس نے یہ آواز کہیں سنی تھی بہت شستہ لہجہ اور بہت خوب صورت آواز۔

اس نے یاد کرنے کی کوشش کی کہ یہ آواز اس نے کہاں سنی تھی مگر اسے یاد نہیں آیا۔

''کیوں بھئی اتنی چپ کیوں ہو گئی ہیں آپ کوئی بات کریں نا۔''

''آپ کون ہیں؟''

''مجھے اپنا دوست سمجھیں اور دوستوں کے تعارف کی اتنی ضرورت نہیں ہوتی۔''

''آپ مجھے کیسے جانتے ہیں۔'' ثنا نے کچھ متجسس انداز میں پوچھا تھا۔

''بھئی آپ کو کون نہیں جانتا آدھا لاہور تو آپ کے مداحوں میں سے ہے۔'' اس بار وہ اس کی بات پر کھلکھلا کر ہنسی تھی۔

''اچھے مجھے تو پتا نہیں تھا کہ آدھا لاہور میرے مداحوں میں شامل ہے میں تو سمجھتی تھی کہ پورا لاہور میرے مداحوں میں شامل ہے۔''

اس نے شوخی سے کہا تھا۔

''چلیں جی کوئی بات نہیں کسی دن پورا لاہور بھی آپ کے مداحوں میں شامل ہو جائے گا دنیا کو پاگل ہونے میں کیا دیر لگتی ہے۔''

اس کی بڑبڑاہٹ ثنا نے سن لی تھی مگر اس نے کمال تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اگنور کر دیا۔

''ویسے آپ کا نام کیا ہے؟''

''جو آپ رکھ دیں۔''

''ابھی تک نام کے بغیر تھے۔''

''ابھی تک تو بہت سی چیزوں کے بغیر پھر رہا تھا۔''

''آپ مجھے تو بے وقوف لگتے ہیں۔''

''لگتے کیا ہیں بھئی اللہ کے فضل سے بے وقوف ہیں اور یہ بھی آپ جیسی حسینوں کی کرم فرمائی ہے۔'' وہ بھی جواب دینے میں چوک نہیں رہا تھا۔

''باتیں اچھی کر لیتے ہیں آپ۔'' ثنا نے اسے سراہا تھا۔

''آپ کی طرح مجھے بھی بس یہی ایک کام آتا ہے۔ ویسے کیا اب مجھے جوابی تعریف کرنی چاہیے۔''

''نہیں اس کی ضرورت نہیں ہے ویسے آپ نے بتایا نہیں کہ آپ مجھے کیسے جانتے ہیں۔''

''دیکھیں بار بار یہ سوال کر کے اپنا مرتبہ کم نہ کریں یہ تو ایسے ہی ہے جیسے چاند پوچھنے لگے کہ کوئی اسے کیسے جانتا ہے۔''

بندہ چالاک ہے ثنا نے سوچا تھا وہ کسی صورت بھی نہ تو اپنے بارے میں کچھ بتانے پر تیار تھا اور نہ ہی یہ بتانے پر کہ وہ ثنا کو کیسے جانتا ہے مگر اس کے باوجود ثنا کو اس سے باتیں کرنے میں مزا آ رہا تھا اسے اچانک لگنے لگا تھا کہ اب اس کی لو میرج ہو ہی جائے گی۔

ڈیڑھ گھنٹہ تک اس سے باتوں میں مصروف رہنے کے بعد وہ جب واپس اپنے بھائیوں کے کمرہ میں آئی تھی تو وہ حسب توقع غائب تھے۔ اسے بے تحاشہ غصہ آیا۔

''یہ قوم ترقی کیسے کر سکتی ہے جس کے بچے کام چور ہوں اور وقت کی قدر نہ کریں۔'' وہ بڑبڑائی تھی پھر وہ کھانا کھانے کے لئے کچن کی طرف چل پڑی آج اس کا موڈ اتنا اچھا تھا کہ وہ اپنے بھائیوں کو بھینٹی لگا کر اسے خراب کرنا نہیں چاہتی تھی اس لئے یہ ضروری کام اس نے کل پر اٹھا رکھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اگلے دن اس نے کالج جاتے ہی اپنی فرینڈز کو یہ سارا احوال سنایا تھا پہلے تو انہیں یقین ہی نہیں آیا۔

''مجھے یقین نہیں آ رہا کہ آج کل کے زمانے میں اس قدر بے وقوف لوگ بھی پائے جاتے ہیں۔''

سارہ نے اس لڑکے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

''بھئی یہ تو ایسے ہی ہے کہ آ بیل مجھے مار۔''

اس بار یمنیٰ نے تبصرہ فرمایا تھا۔

''اور بقول تمہارے وہ آواز سے بہت شائستہ اور سلجھا ہوا لگتا ہے پھر بھی وہ تم پر فدا ہے یہ کیسی شائستگی ہے بھئی۔'' فرزانہ نے جیسے دہائی دی تھی۔

''ویسے تمہیں ایکسچینج سے چیک کروالینا تھا کہ کہیں یہ فون نمبر پاگل خانے کا تو نہیں تھا' آج کل وہاں کے باسیوں کو بھی رومانس کا کافی شوق ہوا تھا۔''

شازیہ نے اس ساری گفتگو پر غور و خوض کرنے کے بعد جیسے اپنی رائے کا اظہار کیا تھا۔

ثنا کو بے تحاشا غصہ آیا۔ ''تم نے اپنے منگیتر کا چیک اپ کیوں نہیں کروایا جب تمہاری منگنی ہوئی تھی۔''

''بھئی چیک اپ کروانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئی سب جانتے تھے کہ وہ پاگل ہے اور مجھ سے منگنی کی خواہش نے اس کی تصدیق بھی کر دی پھر خواہ مخواہ چیک اپ پر روپے برباد کرنے کی کیا ضرورت تھی۔''

شازیہ نے بڑے اطمینان سے فرمایا تھا۔

''برا مت منانا یار ہم تو مذاق کر رہے تھے ورنہ ہم سے زیادہ خوش کون ہو سکتا ہے آخر نیکی کار کے آئیڈیے دینے سے جان تو چھوٹی ہمارے لئے تو وہ بہت عظیم انسان ہیں ایسے انسان روز روز کہاں پیدا ہوتے ہیں کیوں بھئی؟''

سارہ نے باقیوں سے رائے لی تھی اور ان سب نے زور و شور سے گردن ہلا کر اپنی رائے کا اظہار کر دیا۔

''اب تم کوشش یہ کرنا کہ یہ الو ہاتھ سے نکلے نہیں۔'' فرزانہ نے اپنے قیمتی مشورے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے نوازا تھا۔ ثنا نے اس مشورے کو اپنے پلو سے باندھ لیا۔

اگلے کئی ہفتے تک اس کے ٹیلی فون والا رومانس زور وشور سے چلتا رہا فون ہمیشہ وہی کرتا تھا اور ثنا کے اصرار کے باوجود اس نے کبھی بھی اسے اپنا فون نمبر نہیں دیا۔

''آخر تم مجھے اپنا فون نمبر کیوں نہیں دیتے۔''

ایک دن ثنا نے جھنجلا کر اسے کہا تھا۔

''بھئی تم نے فون نمبر لے کر کیا کرنا ہے۔ میں فون کرتا ہوں یہ کافی ہے اور پھر دیکھو میں نے تمہیں فالتو بل سے بھی بچایا ہوا ہے۔''

اس کے پاس بہانوں کا انبار تھا اور یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہا اور جب ثنا کو یقین ہو گیا کہ اب کسی بھی وقت وہ اسے پروپوز کر سکتا ہے تو اچانک اس کا فون آنا بند ہو گیا۔ ثنا کا تو حال برا ہو گیا کتنے دن وہ روز شام سے رات گئے تک فون کے پاس بیٹھی رہی مگر فون کو نہ آنا تھا نہ آیا۔

''میں نے تو تمہیں پہلے ہی سمجھایا تھا کہ اس الو کو ہاتھ سے نکلنے نہ دینا'' فرزانہ نے اس دن کالج میں اس کی رام کہانی سننے کے بعد کہا۔

''مگر آپ یہ بھول گئی تھیں کہ الو ایک خاصا عقل مند پرندہ ہے اس لحاظ سے تو یہ بندہ واقعی الو نکلا ہے۔'' سارہ نے تبصرہ کرنا ضروری سمجھا۔

''بھئی بزرگ صحیح کہتے ہیں کہ جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے' قسمت اچھی تھی اس بندے کی بروقت عقل آ گئی اسے۔'' شازیہ نے ایک لمبی سانس بھر کر کہا۔ ثنا نے دانت پیستے ہوئے کہا تھا۔

''کسی نے صحیح کہا ہے کہ دوست مار آستین ہوتے ہیں۔''

''کسی نے نہیں جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے تو یہ تمہارا اپنا ہی ارشاد ہے۔''

شازیہ نے چپس سے شغل فرماتے ہوئے کہا۔

''تم لوگ دوستی کے نام پر دھبہ ہو۔''

''بڑی جلدی پتا چل گیا آپ کو۔ اب برائے مہربانی ہمیں ''اپریل'' سے صاف کرنے کی کوشش نہ کیجئے گا کیوں کہ اس طرح بھی تمہاری دال دی پرآنے کا کوئی چانس نہیں کیونکہ ہم اس سے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

صاف ہونے والے نہیں ہیں۔"

سارہ نے شازیہ کے چھپس کے لفافے میں شمولیت ضروری سمجھتے ہوئے کہا۔

"تم لوگوں کو میرے دکھ کی گہرائی کا احساس ہی نہیں ہے۔"

ثنا نے آنکھوں میں آنسو لا کر کہا۔

"بہن کتنی دفعہ تمہارے دکھ کی گہرائی کا احساس کریں تمہارے دکھ کی گہرائی تو کم ہونے میں نہیں آ رہی میری مانو تو یہ لو میرج کا خیال چھوڑ دو تمہاری قسمت میں لو میرج ہے ہی نہیں۔"

سارہ نے کافی صاف گوئی کا مظاہرہ کیا۔

"تم غم نہ کرو شازیہ یہ دنیا ابھی بے وقوفوں سے خالی نہیں ہوئی ایک ڈھونڈو ہزار ملتے ہیں۔ تم اپنی کوششیں جاری رکھو کوئی ایک تو تمہاری قسمت میں بھی ہو گا ہی۔" عینی نے اس کی ہمت بندھائی تھی۔

❀

"پھر تم صبح پہنچ رہی ہو۔" فرزانہ نے اس سے پوچھا۔

"ہاں بھئی اب کتنی دفعہ تمہیں یقین دلاؤں کہ میں واقعی صبح آ رہی ہوں۔"

"بس ٹھیک ہے باقی کام میرے ذمے ہے۔" فرزانہ نے ثنا کو یقین دہانی کروائی تھی۔

پھر اگلی صبح وہ نو بجے کے قریب فرزانہ کے گھر پہنچ گئی۔

"دیکھو آج اس مہم کا سب سے اہم مرحلہ سر کرنا ہے تمہیں اس لئے بہت محتاط رہنا۔"

گھر سے نکلتے ہوئے فرزانہ نے اس سے کہا تھا پھر اسی موضوع پر باتیں کرتے ہوئے وہ زہرہ خالہ کے گھر پہنچ گئیں جو فرزانہ کے گھر سے تھوڑے ہی فاصلے پر تھا۔

"اوہو ثنا بیٹی آئی ہے آج تو' اچھا کیا فرزانہ تم اسے لے آئیں۔"

زہرہ خالہ نے اسے دیکھتے ہی اپنی خوشی کا اظہار کیا تھا۔

"ناشتہ کرو گی تم؟" زہرہ خالہ نے ان دونوں سے پوچھا تھا۔

"نیکی اور پوچھ پوچھ ہمیں تو دنیا میں پیدا ہی اسی کام کے لئے کیا گیا ہے۔" زہرہ خالہ فرزانہ کی بات پر مسکرائی تھیں۔

"پھر بیٹھو میں بناتی ہوں ناشتہ۔" وہ اٹھتے ہوئے بولیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

''ارے آپ نے ابھی ناشتہ بھی نہیں بنایا۔''

''نہیں بھئی تمہیں پتا ہے آج چھٹی کا دن ہے اور فاروق تو دس بجے کے قریب ہی سو کر اٹھتا ہے اور میں ناشتہ کرتی ہی نہیں ہوں اتنی صبح ناشتہ بنا کر رکھنے کا کیا فائدہ۔ اب فاروق اٹھنے ہی والا ہے اس لئے میں اب ناشتہ بناؤں گی۔''

فرزانہ نے ان کی بات سن کر کہا تھا۔

''ارے تو بس پھر ٹھیک ہے آج ناشتہ آپ نہیں بنائیں گی ثنا بنائے گی آپ کو بھی تو پتا چلے کہ اس کے ہاتھوں میں کتنا ذائقہ ہے۔''

ثنا فرزانہ کی بات پر ہولے سے مسکرائی تھی۔

''ارے نہیں بیٹا مہمانوں سے کوئی اس طرح کام لیتا ہے کہ پکاؤ اور کھاؤ تم بیٹھو میں خود ناشتہ بناتی ہوں۔''

زہرہ خالہ نے فرزانہ کی پیشکش سرے سے رد کر دی۔

''آپ ہمیں مہمان کیوں سمجھتی ہیں کیا ہم آپ کی بیٹیاں نہیں ہیں کہتی تو آپ ہمیں بیٹی ہی ہیں مگر بات پھر وہی غیروں والی کرتی ہیں' بس آج کا ناشتہ تو ثنا ہی بنائے گی آپ بیٹھی رہیں۔''

پھر فرزانہ ان کے منع کرنے کے باوجود ثنا کے ساتھ کچن میں چلی آئی تھی۔

''اسے کہتے ہیں کہ چپڑی اور دو دو ایسا موقع تمہیں زندگی میں دوبارہ کبھی نہیں ملے گا۔ مجھے پتا ہے کہ تمہیں کچھ بنانا نہیں آتا مگر فکر نہ کرو چیزیں میں تیار کروں گی پیش تم کرنا اپنے ٹریڈ مارک کے ساتھ۔'' فرزانہ نے آستینیں چڑھاتے ہوئے کہا تھا۔

زہرہ خالہ فرزانہ کی امی کی کزن تھیں ان کا ایک ہی بیٹا تھا فاروق بہت اکھڑ قسم کا مگر نہ صرف شکل اچھی تھی اس کی بلکہ روپیہ بھی بہت تھا اس کے پاس سو فرزانہ کو ثنا کے مسائل کا حل بھی نظر آیا کہ وہ ثنا اور فاروق کا رومانس کرائے۔

اس بار آئیڈیا ایک دوسری رائٹر کے افسانے سے لیا گیا تھا۔ ثنا کو کھانے کے سوا اور کچھ آتا جاتا نہیں تھا مگر فرزانہ نے زہرہ خالہ کے سامنے اس کے سلیقے کے بارے میں زمین آسمان کے قلابے ملا دیئے۔

پھر ایک شام وہ اسے ان سے ملانے بھی لے گئی زہرہ خالہ کو نہ صرف اس کی شکل و

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

صورت پسند آئی تھی بلکہ طور اطوار بھی (جن کے بارے میں فرزانہ نے اسے خاص اور سخت تاکیدیں کی تھیں) زہرہ خالہ کو یہ شرماتی جھجکتی نظریں جھکائے رکھنے والی، شرمیلی ہنسی ہنسنے اور آہستہ آواز میں بولنے والی لڑکی بہت اچھی لگی پھر وہ فرزانہ کے ساتھ اکثر ان کے گھر جانے لگی۔ ایک دو بار اس کا سامنا فاروق سے بھی ہوا تھا۔ مگر وہ اس پر ایک نظر ڈالے بغیر چلا گیا تھا۔

جب زہرہ خالہ اس کے سلیقے کی اچھی طرح قائل ہو گئیں۔ (فرزانہ اپنی بنائی ہوئی ہر چیز کا نمونہ ثنا کے نام کے ٹیگ کے ساتھ انہیں پیش کرتی) تو ایک دن اسی رائٹر کے افسانے کے دوسرے مرحلے پر کام شروع ہوا۔

''دیکھو یہ بندہ بھی افسانے کے ہیرو کی طرح اپنے کمرے میں بہت کاٹھ کباڑ رکھتا ہے اور اس کی اماں کی تو جرأت نہیں ہوتی کہ وہ اس کے کمرے کی کسی چیز کو ہاتھ بھی لگا لیں بالکل تمہاری پسندیدہ رائٹر کی طرح اب تمہیں یہ کرنا ہے کہ اس کا کمرہ صاف کرنا ہے ایسے اچھے طریقے سے کوئی جمعدار بھی کیا کرتا ہوگا۔ یہ صفائی والا نسخہ بڑا آزمودہ ہے اس رائٹر کے علاوہ بھی کئی رائٹرز نے اسے استعمال کر چکی ہیں اور 99.99 فیصد یہ امکان ہے کہ ہیرو اور ہیروئن میں لو میرج ہو جائے گی۔

میں جانتی ہوں کہ تم نے کبھی اپنے کمرے کی صفائی بھی نہیں کی اور اگر فاروق تمہارا گندگی سے بھرپور کمرہ دیکھ لے تو اسے ویسے بھی تم سے عشق ہو جائے گا مگر چونکہ ابھی تک کسی افسانہ نگار نے ایسی کوئی لو اسٹوری نہیں لکھی جس میں ہیرو اور ہیروئن ایک دوسرے کے گندے کمرے دیکھ کر آپس میں محبت میں گرفتار ہوئے ہوں اس لئے ہمیں بھی یہ رسک نہیں لینا چاہئے اور وہی آئیڈیا استعمال کرنا چاہئے جو ہماری رائٹرز کرتی ہیں۔

اب تم یہ ذہن میں رکھنا کہ اس کمرہ کی صفائی تمہیں پوری جی جان سے ایمان کا آدھا نہیں پورا حصہ سمجھ کر کرنی ہے۔''

ایک دن پہلے اسے فرزانہ نے فون پر ہدایات دی تھیں اور آج جب وہ دونوں وہاں پہنچی تھیں تو انہیں ناشتہ بنانے کا موقع بھی مل گیا تھا۔ فرزانہ نے اپنی کوکنگ کی ساری صلاحیتیں آزما ڈالیں بہت زبردست قسم کا ناشتہ اس نے صرف ایک گھنٹہ میں بنا ڈالا۔

''بھئی زہرہ خالہ یہ ثنا تو بہت ہی ماہر ہے میں تو اسے ناشتہ تیار کرتے دیکھ کر حیران رہ

گئی ہوں۔ کیا پھرتی ہے، بھئی کیا سلیقہ ہے کم از کم یہ بات مجھ میں تو نہیں ہے۔''

ناشتہ تیار کرنے کے بعد فرزانہ نے کچن سے نکل کر لاؤنج میں آ کر کہا تھا۔

زہرہ خالہ اس کی بات پر مسکرائی تھیں۔

''وہ بچی تو شکل سے ہی سگھڑ اور سلیقہ مند لگتی ہے۔'' ابھی وہ دونوں اس کی مدح سرائی میں مصروف تھیں کہ اس نے لاؤنج میں ڈائننگ ٹیبل پر ناشتہ لگانا شروع کر دیا۔

''فرزانہ تم بھی مدد کر دنا اس کی۔'' زہرہ خالہ نے فرزانہ کو ہدایت کی تھی۔

''خالہ وہ کر لے گی آپ کو تو پتا ہی ہے میرا دل نہیں لگتا یہ اٹھا اٹھا کر چیزیں لانے اور سجانے میں۔'' فرزانہ نے دانستہ طور پر سستی کا مظاہرہ کیا۔

''رہنے دیں خالہ میں کر لیتی ہوں، یہ تو بہت معمولی سا کام ہے۔'' ثنا نے دھیمے لہجے میں نظریں جھکاتے ہوئے کہا تھا۔

''کیا غضب کی اداکاری کر رہی ہے چڑیل۔'' فرزانہ نے دل میں داد دی تھی۔ زہرہ خالہ اور متاثر ہوئی تھیں۔

''فاروق بھائی اٹھ گئے ہیں تو انہیں ناشتے پر بلا لیتے ہیں۔'' فرزانہ نے کہا تھا۔

''اٹھ تو گیا ہے یہ میوزک کی آواز نہیں آ رہی تم کو مگر یہاں ناشتہ کہاں کرے گا تم لوگوں کے ہوتے ہوئے۔''

''مگر میں بلا کر لاتی ہوں۔'' فرزانہ زہرہ خالہ کے مزید کچھ کہنے سے پہلے ہی فاروق کے کمرے کی طرف چل پڑی تھی۔

''وہ ابھی آتے ہیں۔'' فرزانہ کچھ دیر بعد دوبارہ لاؤنج میں نمودار ہوئی تھی۔

''اچھا اگر وہ آ ہی رہا ہے تو پھر کچھ دیر انتظار کر لیتے ہیں کیوں ثنا؟'' زہرہ خالہ نے ثنا سے پوچھا۔

''ٹھیک ہے خالہ جیسے آپ کہیں.....!'' ثنا نے اپنی ایکٹنگ جاری رکھی تھی۔

اور پھر چند لمحوں کے بعد سفید شلوار قمیص میں ملبوس آفٹر شیو لوشن سے مہکتا ہوا فاروق لاؤنج میں داخل ہوا تھا۔ ثنا کو دیکھ کر وہ یک دم ٹھٹک گیا مگر پھر اس نے سینٹرل ٹیبل پر اپنا بریف کیس رکھا اور خاموشی سے ناشتے کی میز پر براجمان ہو گیا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

''آؤ بیٹا تم دونوں بھی آ جاؤ!'' زہرہ خالہ ان دونوں کو دعوت دیتی ہوئی خود بھی ایک کرسی کھینچ کر بیٹھ گئیں۔ ان کی بات پر فاروق کے چائے کا کپ کھینچتے ہوئے ہاتھ ٹھٹک گئے تھے اب اس نے ڈائننگ ٹیبل کو غور سے دیکھا تھا اور اتنے زیادہ برتنوں کا مقصد اس کے دماغ میں واضح ہوا تھا اس نے ان دونوں کو ڈائننگ ٹیبل پر قریب آ کر کرسی کھینچ کر بیٹھتے دیکھا اور پھر اس نے چائے کے کپ میں چائے انڈیلنا شروع کی۔

زہرہ خالہ نے باری باری مختلف چیزیں اٹھا کر اس کے سامنے رکھنا شروع کر دیں۔

''آج ناشتہ ثنا نے تیار کیا ہے۔ کیا لذت ہے اس کے ہاتھ میں یہ شاہی ٹکڑے کھا کر دیکھو۔''

زہرہ خالہ نے تعریفی پروگرام شروع کیا تھا اس نے ایک نظر اٹھا کر ثنا کو دیکھا پھر اپنے سامنے موجود شاہی ٹکڑوں کو پھر اس نے چائے کے کپ سے آخری دو گھونٹ لئے اور ٹیبل سے اٹھ گیا۔

''فاروق تم نے ناشتہ کیوں نہیں کیا اتنی جلدی اٹھ گئے۔''

زہرہ خالہ نے اسے روکنے کی کوشش کی تھی۔

''نہیں بس مجھے چائے ہی پینی تھی مجھے کہیں جانا ہے آج۔'' اس نے بریف کیس اٹھاتے ہوئے کہا پھر وہ مزید کچھ کہے بغیر لاؤنج سے نکل گیا۔ ثنا نے مایوسی سے فرزانہ کو دیکھا جس نے آنکھوں ہی آنکھوں میں اسے تسلی دی تھی۔

''خالہ یہ فاروق بھائی کا کمرہ تو بہت ہی گندا ہے۔''

''ہاں بیٹا اب میں کیا کروں وہ تو کسی چیز کو ہاتھ ہی نہیں لگانے دیتا کئی کئی ہفتوں کے بعد ملازم سے صفائی کرواتا ہے وہ بھی خود سر پر کھڑا ہو کر۔''

''آپ فکر نہ کریں خالہ آج ہم دونوں مل کر ان کا کمرہ صاف کر دیں گے اور ایسا صاف کریں گے کہ وہ خوش ہو جائیں گے۔''

فرزانہ نے خالہ کو یقین دلایا تھا مگر خالہ پریشان ہو گئی تھیں۔

''نہیں بیٹا وہ پسند نہیں کرتا کہ کوئی اس کی اجازت کے بغیر کمرے میں جائے۔''

''خالہ کچھ نہیں ہوگا آپ تو فکر ہی نہ کریں' صفائی کسے ناپسند ہوتی ہے اور فاروق بھائی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کو بھی نہیں ہوگی۔'' خالہ فرزانہ کو مزید نہیں روک سکیں۔

ثنا نے فاروق کے کمرے میں داخل ہوتے ہی چیخ ماری تھی۔

''اتنا گندا' فرزانہ اتنا گندا کمرہ میں تو مر جاؤں گی صاف کرتے کرتے۔'' وہ تقریباً رو دی تھی۔

''مگر صاف تو کرنا ہے تمہیں یہ سب لو میرج کرانا چاہتی ہو یا نہیں اور ویسے افسانے کی ہی ہیروئنیں کبھی یہ بات نہیں کہتیں جو تم کہہ رہی ہو۔'' فرزانہ نے کمرے سے باہر نکلتے ہوئے کہا۔

''تم کہاں جا رہی ہو تم مدد نہیں کرو گی میری.....؟''

''ہیروئن ہمیشہ ساری صفائی خود کرتی ہے ورنہ رومانس نہیں ہوگا سمجھیں۔'' فرزانہ دروازہ بند کر کے چلی گئی تھی۔

اس نے بے چارگی سے کمرے میں چاروں طرف نظر دوڑائی کمرے میں ہر طرف کارپٹ پر کچھ نہ کچھ پڑا تھا۔ کہیں کیسٹس کا ڈھیر، ڈیکس کے علاوہ ہر جگہ تھا اور کہیں اخبار اور میگزین اپنا جلوہ دکھا رہے تھے اور جو جگہ ان سے بچ گئی تھی۔ وہ فائلوں اور کاغذات کے قبضہ میں تھی۔ دھول اور مٹی کی ایک دبیز تہہ ہر چیز پر موجود تھی اور اسے حیرت تھی کہ اگر یہ چیزیں استعمال ہوتی ہیں تو پھر ان پر مٹی کیسے موجود ہے۔

''کیسے کیسے گندے لوگ موجود ہیں اس دنیا میں۔'' اس نے دل میں سوچا تھا اور پھر کام پر جت گئی دو گھنٹے بعد وہ کمرے سے نکل کر لاؤنج میں آئی تھی فرزانہ زہرہ خالہ کے پاس بیٹھی گپیں ہانک رہی تھی۔

''ہو گئی صفائی؟'' اسے دیکھتے ہی اس نے پوچھا تھا۔ زہرہ خالہ بہت شرمندہ تھیں۔

''تم نے خواہ مخواہ اتنی تکلیف اٹھائی اس کا کمرہ تو پھر گندہ ہو ہی جاتا ہے۔''

''کوئی بات نہیں خالہ مجھے خوشی ہوتی ہے گھر کا کام کرنے پر۔'' بڑی میٹھی آواز میں اس نے مسکرا کر کہا تھا۔

''ذرا ایک نظر میں بھی کمرے کو دیکھ لیتی ہوں۔'' فرزانہ پتا نہیں کیوں مشکوک تھی مگر کمرے کا دروازہ کھولتے ہی ایک آواز تحسین اس کے حلق سے برآمد ہوئی تھی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

''بھئی تم نے تو کمال کر دیا یہ تو کچھ دیر پہلے والا کمرہ لگ ہی نہیں رہا کی بات ہے ثنا اس تمہارا کام ہو جاتا ہے وہ تمہارے سلیقے کا قائل ہو ہی جائے گا۔'' اور اس بار واقعی ان کی دعائیں او محنت رنگ لائی تھیں۔ ایک ہفتے کے بعد فاروق کی منگنی فرزانہ سے ہو گئی تھی۔

''دیکھا میں صحیح کہتی تھی نا کہ یہ دوست واقعی مار آستین ہوتے ہیں اب دیکھو اسے کتنی گھنی نکلی ہے کتنی مسکینی بن کر بیٹھی ہے ذرا خیال نہیں آیا اسے میرے حق پر ڈاکہ ڈالتے ہوئے یہ جو میری لومیرج نہیں ہو پا رہی نا اس میں تم لوگوں کا ہی ہاتھ ہے تم لوگ میرے ہر منصوبے کو ناکام بنا دیتے ہو تم لوگ چاہتے ہی نہیں کہ میری بھی کوئی خواہش پوری ہو۔''

ثنا ایک گھنٹے سے دہائیاں دے رہی تھی اور فرزانہ شرمندہ سی سامنے بیٹھی اپنے ہاتھ میں پہنی ہوئی انگوٹھی کو گھما رہی تھی۔

''ارے کیا نہیں کیا اس بار میں نے کون سے پاپڑ نہیں بیلے جی توڑ کر محنت کر کے اس کا کمرہ صاف کیا ایک ماہ تک ان کے گھر جا جا کر ڈرامہ کرتی رہی اپنی آواز تک بند کر لی اپنی زبان پر قابو کر لیا مگر پھر بھی کیا فائدہ ہوا مجھے آخر میں یہ چڑیل اسے لے اڑی اور میں پھر وہیں کی وہیں ہوں۔''

اب معاملہ فرزانہ کی برداشت سے باہر ہو گیا تھا۔

''میں کچھ دیر پہلے تک اس منگنی پر واقعی شرمندہ تھی مگر اب نہیں ہوں بار بار صفائی کی دہائی دے رہی ہو کیا صاف کیا تھا تم نے سارا کوڑا اکٹھا کر کے اس کے بیڈ کے نیچے جمع کر دیا جیسے اپنے کمرے میں کرتی ہو اس نے جو بے کار کاغذات فائلوں سے نکال کر ان کا ڈھیر لگایا ہوا تھا تم نے انہیں پھر سے اس کے کام کے کاغذات کی فائلوں میں لگا دیا بھری دوپہر میں تم نے اس کے ٹیرس پر رکھے ہوئے پودوں کو پانی دیا اور ایک بھی پودہ ضائع ہونے سے نہیں بچا جو پودے اس نے اندر رکھے ہوئے تھے وہ اس نے باہر سے منگوائے ہوئے تھے اور انہیں ایک خاص حد سے زیادہ پانی نہیں دیا جاتا اور تم نے انہیں پانی سے بھر دیا ستیا ناس مار دیا ان کا۔

اور تمہیں کس نے کہا تھا کہ ٹیرس پر رکھے ہوئے گملوں سے پھول توڑ کر گلدستے بنا بنا کر اس کے کمرے میں سجاؤ وہ غیر ملکی پودے تھے اور سال میں ان پر ایک بار پھول آتے ہیں اور تم نے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

چن چن کر انہیں توڑ کر کمرے میں سجا دیا۔

جوتوں پر پالش کرنے کو میں نے کہا تھا اور تم نے اس کے سفید جوگرز تک پر پالش پھیر دی کون احمق پھیرتا ہے جوگرز پر پالش' اخبارات اور میگزین اٹھا کر رکھنے کی بجائے تم نے ان میں سے تصویریں کاٹیں ہالی وڈ کے ایکٹرز کی ستیاناس مار دیا تم نے ان میگزینز کا گندے کپڑے تم نے لپیٹ کر صاف کپڑوں کے ساتھ ہی الماریوں میں ٹھونس دیئے۔

اپنی حرکتوں پر شرم کرنے کی بجائے تم بڑھ بڑھ کر باتیں کر رہی ہو' اس دن جب وہ واپس آیا تھا اور اپنے کمرے میں جا کر اس نے تمہارے کارناموں کو دریافت کرنا شروع کیا تو ہنگامہ مچا دیا تھا' زہرہ خالہ نے مجھے اسی وقت گھر سے بلوایا اور رات آٹھ بجے تک میں روتی ہوئی اس کا کمرہ ٹھیک کرتی رہی تھی۔

کرسٹل کے جو ڈیکوریشن پیس تم نے توڑنے کے بعد کھڑکی میں چھپائے تھے وہ بھی میں نے برآمد کر لئے تھے اور میں تو اس وقت کو کوس رہی ہوں جب میں نے اس منصوبے پر عمل درآمد شروع کیا تھا' جتنی شرمندگی مجھے زہرہ خالہ اور فاروق کے سامنے اٹھانی پڑی وہ تو میں ہی جانتی ہوں اور جو جھاڑیں مجھے اپنے گھر والوں سے کھانی پڑیں اس کی تو بات ہی کیا اور تم پھر بھی بڑی مظلوم بن رہی ہو۔"

اس کی دوستوں کی ہمدردیاں یک دم فرزانہ کے ساتھ ہو گئی تھیں اب ثنا شرمندہ سی بیٹھی تھی۔

"میں بتا رہی ہوں تمہیں کام چوروں کی لو میرج کبھی نہیں ہوتی کام چوری اور لو میرج دو متضاد چیزیں ہیں اور ویسے بھی تمہاری لو میرج ہو ہی نہیں سکتی کون سا حربہ استعمال نہیں کیا تم نے ہر رائٹر کا آئیڈیا استعمال کر لیا ہے مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا تمہیں' نہ تمہارا کوئی کزن اس قابل ہے کہ اسے قربانی کا بکرا بنایا جا سکے لوگوں کے گھر جا جا کر تم بری طرح خوار ہوئیں محلے میں عزت کی وجہ سے وہاں کوئی رومانس کا امکان نہیں۔

تمہارے ابا نے دوسری شادی نہیں کی کہ وہیں سے کوئی اضافی رشتہ دار برآمد ہو جائے' ٹیلی فون پر رومانس کا حشر تم نے دیکھ لیا' نالائق تم اتنی ہو کہ کہیں کوئی نوکری بھی تمہیں نہیں مل سکتی کہ وہیں رومانس کا کوئی چانس ہوتا اپنے کالج میں کو ایجوکیشن بھی نہیں کہ وہیں سے تمہیں کوئی سہارا مل

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

جاتا اور تمہیں تو آج تک کسی لڑکے نے چھیڑا بھی نہیں کیسی قسمت دی ہے تمہیں اللہ نے اور جو آئیڈیا ہمیشہ کامیاب رہتا ہے اسے تم نے اپنی بدحرامی اور کام چوری سے گنوادیا۔

پتا ہے فاروق نے میری صفائی دیکھ کر اپنی ماں سے میرے ساتھ شادی کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔''

فرزانہ کے آخری جملے پر ثنا نے بھاں بھاں کر کے رونا شروع کر دیا۔

''بھائی تمہارے چھوٹے ہیں کہ انہیں کا کوئی بے چارہ دوست کام آ جاتا تمہیں تو بھائیوں کا بھی کوئی فائدہ نہیں اور ہمارے بھائیوں کا تو تمہیں پہلے ہی پتا ہے اس لئے بہتر ہے کہ تم یہ لومیرج کا چکر چھوڑ دو اور ویسے بھی جس طرح کی تمہاری حرکتیں ہیں تمہاری تو ارینج میرج بھی ہو جائے تو تم اس پر بھی شکر ادا کرنا۔''

ثنا کی بھاں بھاں میں اور اضافہ ہو گیا تھا فرزانہ آج واقعی صاف گوئی کا مظاہرہ کرنے پر تلی ہوئی تھی۔

''ہاں صحیح کہہ رہی ہے فرزانہ تم یہ گھٹیا قسم کے شوق پالنے سے باز آ جاؤ۔ اتنی کوشش کافی تھی اب کام نہیں بنا تو بس چھوڑ دو اسے اور کوئی ڈھنگ کے کام سیکھو اور یہ بھاں بھاں بند کرو اپنی یہ کوئی شالامار باغ نہیں ہے کہ تمہاری بھاں بھاں سن کر کوئی شہزادہ سلیم آ جائے گا یہ کالج کا لان ہے یہاں اگر کوئی آیا بھی تو وہ پچپن سالہ مالی ہو گا جو ہمیشہ ہمیں اور خاص طور پر تمہیں یہاں سے اٹھانے آتا ہے کیونکہ تم جہاں بیٹھتی ہو وہاں کی گھاس چن چن کر توڑ دیتی ہو سمجھیں بند کرو اب اپنا یہ منہ۔''

شازیہ نے اس بار اسے ڈانٹا تھا۔

❁

بہت دن وہ اداس پھرتی رہی تھی کوئی کام نہیں کر سکتی تھی ورنہ شاید خود ہی دوبارہ کوئی کوشش کرتی کام چوری کے نقائص کا اسے پہلی بار احساس ہوا تھا لیکن صرف احساس ہی ہوا تھا اس نے عملی طور پر اپنی کام چوری ختم کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی سارا دن خیالی پلاؤ پکا پکا کر وہ خود کو مصروف رکھتی تھی مصروف رکھنے کے کچھ اور طریقے بھی وہ استعمال کیا کرتی تھی جن میں سب سے پسندیدہ بھائیوں کی پٹائی تھی۔

پھر انہیں دنوں میں اس کے لئے ایک رشتہ آیا تھا امی نے اس سے ذکر کیا تھا اور اس

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نے خاموشی سے ہامی بھر لی تھی جب لو میرج نہیں تو پھر ارینج میرج کہیں بھی ہو جائے اسے اس سے کوئی دلچسپی نہیں تھی اس کے والدین نے ہاں کر دی تھی کیونکہ رشتہ ہی اتنا اچھا تھا کہ انہوں نے غور وخوض میں بھی زیادہ وقت نہیں لیا اس کے بھائیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی اب وہ بڑے اطمینان اور سکون سے اس سے پٹتے تھے۔

''بس ذرا صبر کرو کہ مار کے دن تھوڑے ہیں۔'' عاصم ہر دفعہ پٹنے کے بعد گنگناتا پھرتا۔

ثنا کے سارے خواب بکھر چکے تھے گھر میں اس کی منگنی کی تیاری ہو رہی تھی اور اس نے لڑکے کے بارے میں جاننے میں کوئی دلچسپی ظاہر نہیں کی نہ ہی اسے اس کی تصویر دیکھنے کا اشتیاق ہوا تھا اسے بار بار اس لڑکے کا خیال آتا جو اسے فون کیا کرتا تھا اور جتنی بد دعائیں اسے یاد تھیں وہ اسے دے چکی تھی اسے تو فون کی شکل سے بھی نفرت ہو گئی تھی۔

''کیا فائدہ ہوا فون لگوانے کا ایک وہ افسانہ نگار کی ہیروئن ہے ہمیشہ فون پر ہی رومانس کر کے لو میرج کرتی ہے اور ایک یہ ہمارا کم بخت فون ہے فائدہ کوئی ہوا نہیں ہاں بل آ جاتا ہے کم بخت ہر مہینے۔''

وہ جل کر ایسے سوچتی جیسے فون کی ایجاد اسی مقصد کے لئے کی گئی تھی اور جیسے PTC نے پاکستان میں فون کی تنصیب کا کام اس اعلیٰ وارفع مقصد کے لئے کیا تھا۔

''باجی آپ کا فون ہے۔'' اس شام عاصم نے اسے پکار کر کہا تھا اس نے سوچا کہ کسی دوست کا فون ہوگا کیونکہ آج کل اس کی فرینڈز بار بار اسے فون کیا کرتی تھیں۔

''ہیلو کیا حال ہے آپ کا۔'' وہ فون پر ابھرنے والی آواز کو سن کر ساکت ہو گئی تھی پہچاننے میں تاخیر نہیں ہوئی اس سے۔

''کیوں بھئی خاموش کیوں ہیں ایسے اچنبھے کا کام تو نہ کیا کریں۔'' اس کی چہکتی ہوئی آواز پر اس کا خون ابلنے لگا۔

''بیڑا غرق ہو تمہارا' ساری دنیا کی لعنت ہو تم پر' کہاں مر گئے تھے زمین نگل گئی تھی یا آسمان کھا گیا تھا تمہیں ذلیل کمینے۔''

''دل کو تسلی ہوئی کہ آپ وہی ہیں جنہیں ہم نے دل میں بسایا تھا کچھ اور کہنا ہو تو وہ بھی کہئے تا کہ کوئی حسرت نہ رہے آپ کے دل میں۔'' دوسری طرف سے وہی اطمینان برقرار تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

''سنو تم اب مجھے کبھی فون مت کرنا میری منگنی ہو رہی ہے اب تم سے میرا کوئی واسطہ نہیں ہے۔''

''واہ بھئی کیا بات ہے آپ نے تو کارنامہ کر دیا' مبارک ہو بھئی بہت بہت منگنی کی کوئی مٹھائی وٹھائی کھلائیں۔'' ادھر صدمے کی کوئی کیفیت نہیں تھی ثنا کو مزید صدمہ ہوا۔

''تمہیں تو میں جوتے کھلاؤں گی اور وہ بھی درجنوں کے حساب سے ایک بار نظر تو آؤ تم۔''

''نظر بھی آئیں گے بھئی نظر بھی آئیں گے ایسی بھی کیا جلدی ہے مگر آپ کے پاس کوئی اچھی ڈش نہیں ہے کبھی آپ جوتے کھلاتی ہیں کبھی گولیاں کوئی change لائیں دنیا میں اور بھی اچھی چیزیں ہوتی ہیں کھانے پینے کے لئے اور مجھے تو ویسے بھی کوئی تجربہ نہیں ہے ان چیزوں کا۔'' وہ اس کی بات پر کچھ حیران ہوئی تھی۔

''کیا مطلب ہے تمہارا میں نے کب تمہیں گولیاں کھلانے کی بات کی۔''

''ارے یاد نہیں آپ کو' آپ نے کہا نہیں تھا کہ آپ مجھے گولی ماردیں گے کتے کو مارنے کی بجائے۔''

اس کے ہاتھ سے ٹیلی فون چھوٹتے چھوٹتے بچا تھا اسے یاد آیا کہ اسے پہلی دفعہ اس کی آواز مانوس کیوں لگی تھی یک دم وہ بے حد گھبرا گئی تھی۔

''چچ چچ بھئی آواز کیوں بند ہو گئی کچھ کہیے جناب اپنی درخشاں روایات کے مطابق۔'' بمشکل اس کے منہ سے آواز نکلی تھی۔

''یہ تم ہو۔''

''بالکل جناب یہ میں ہوں آپ کا خادم آپ کا غلام۔'' وہ شوخ ہو رہا تھا۔

''تم نے میرا فون نمبر کیسے لیا۔''

''آپ خود ہی دے گئی تھیں یاد ہے آپ کو' آپ کا بیگ گرا تھا میرے پورچ میں تب اس میں سے آپ کا کالج ID کارڈ گر گیا تھا۔ اس وقت تو مجھے نظر نہیں آیا مگر آپ کے جانے کے بعد مجھے نظر آیا تھا لیکن مجھے یہ پتا نہیں تھا کہ ثنا آپ ہیں یا وہ دوسری لڑکی کیونکہ ID کارڈ پر تصویر نہیں تھی۔ خیر میں نے کارڈ پر لکھے ہوئے نمبر کو ٹرائی کرنے کی کوشش کی چند دن تو فون آپ کی امی

اٹھاتی رہیں اور میں فون بند کر دیتا مگر ایک دن آپ نے فون اٹھا ہی لیا اور میں نے آپ کی آواز پہچان لی تھی اس معاملے میں میرا ٹریک ریکارڈ آپ سے بہتر ہے۔

آپ نے میری آواز نہیں پہچانی مگر مجھے رومانس کرنے کا شرف عطا فرما دیا جوں جوں آپ سے گفتگو کرتا رہا آپ کے عشق میں مزید گرفتار ہوتا گیا آپ کی بے وقوفی کا فین ہوں میں مجھے لگتا تھا کہ دنیا میں ایک میں ہی اکیلا بے وقوف ہوں مگر آپ سے مل کر اور پھر بعد میں باتیں کر کے اور آپ کے بارے میں مزید جان کر معلوم ہوا کہ اس بھری دنیا میں میں تنہا نہیں ہوں اور بھی دنیا میں ہیں بے وقوف بہت اچھے۔

پھر آپ کو دیکھنے آپ کے کالج بھی جاتا رہا فون پر باتیں کرنے سے مجھے یہ اندازہ تو ہو گیا تھا کہ آپ لو میرج کے شوق میں گرفتار ہیں مگر آپ اس کے لئے کیا کیا حربے استعمال کر رہی ہیں اس کا اندازہ مجھے تب ہوا تھا جب آپ نے میرے دوست کے کمرے کی صفائی کرنے کی بجائے صفایا کرنے کی کوشش کی حیران ہونے کی ضرورت نہیں ہے بھئی فاروق میرا دوست ہے پہلے مجھے پتا نہیں تھا کہ آپ نے اس کے گھر آنا جانا شروع کیا ہے میں تو ان دنوں اچانک امریکہ چلا گیا تھا آپ کو بتانے کے لئے کئی بار فون کیا مگر آپ سے بات نہیں ہو پائی کیونکہ فون یا تو آپ کی امی اٹھاتی تھیں یا آپ کے ابا سو آپ کو بتائے بغیر ہی باہر جانا پڑا جب واپس آیا تو فاروق نے اپنی منگنی کا قصہ آپ کے سلیقہ کے ساتھ سنایا تھا۔

آپ کا نام سن کر میں چونکا تھا مگر ثنا تو اور بھی ہو سکتی تھی حالانکہ دل پکار پکار کر کہہ رہا تھا کہ ثنا تو اور بھی ہو سکتی ہیں مگر بے وقوف ایک ہی ہے پھر جب اس نے اپنی منگیتر کی تصویر دکھائی تو میرا شک یقین میں بدل گیا تھا کیونکہ فرزانہ بھی انہیں لڑکیوں میں شامل تھی جو آپ کے ساتھ اس دن کتے اور انسانوں کی ریس میں شامل تھیں۔

میں نے سوچ لیا کہ اب معاملہ حد سے بڑھتا جا رہا ہے' آپ کی لو میرج کا شوق پورا کرنا ہی پڑے گا ورنہ آپ زمانے پر پتا نہیں کیا کیا ستم توڑیں۔"

اس کی باتوں سے ثنا پر گھڑوں پانی پڑتا جا رہا تھا اور وہ بولتا جا رہا تھا۔

"تو پھر میں نے اپنی اماں اور بہن سے کہا کہ وہ اس ایڈریس پر رشتہ لے کر جائیں اس کے لئے کیا پاپڑ بیلنا پڑے وہ ایک الگ کہانی ہے جو آپ کو شادی کے بعد خود آپ کی ساس سنا دیں گی۔"

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اب وہ سکتے کے عالم میں تھی۔

''مجھے اندیشہ تھا کہ کہیں آپ کے والدین کوئی گڑبڑ نہ کر دیں مگر وہ تو آپ سے اس قدر تنگ بیٹھے تھے کہ انہوں نے ہاں کرنے میں ذرا دیر نہیں لگائی ہاں آپ کے بھائی نمبر ایک میں عظیم انسان بننے کی پوری صلاحیتیں موجود ہیں اس نے میری بہن کو ہاں کئے جانے پر آپ کے حالات زندگی اور اعمال زندگی بتانے کے ساتھ کہا تھا کہ ''ابھی بھی وقت ہے سوچ لیں آپ اچھے لوگ ہیں پھر نہ کہیئے گا کہ ہمیں لڑکی کے بارے میں کچھ بتایا نہیں۔''

مجھے فخر ہوا تھا آپ کے بھائی پر اور میں نے تہیہ کر لیا تھا کہ میں آپ سے شادی کر کے اسے آپ کے ظلم وستم سے ضرور نجات دلواؤں گا یہ اس عظیم انسان کے لئے میرا حقیر سا نذرانہ ہو گا۔

اب تو آپ کو پتا چل ہی گیا ہو گا کہ میں آپ کا ہونے والا منگیتر اور آپ کے بھائیوں کے لئے مسیحا ہوں اور آپ اپنے ہونے والے منگیتر کا نام تو جانتی ہی ہوں گی اپنا نام میں آپ کو بتا دیتا ہوں میرا نام سعدی ہے لیکن شیخ سعدی کے قبیلے سے میری کوئی نسبت نہیں ہے اور نہ ہی ہونے کا امکان ہے کیونکہ آپ سے شادی کے بعد تو دانائی والی کسی بات کی توقع کی ہی نہیں جا سکتی مجھ سے۔''

''بہت خبیث انسان ہو تم اور سیدھے دوزخ میں جاؤ گے۔'' ایک لمبے وقفے کے بعد وہ بولی تھی مگر اب اسے غصہ نہیں آ رہا تھا بلکہ وہ شدید قسم کی شرمندگی کے احساس سے دوچار تھی۔

''خیر تم سے شادی اتنا بڑا گناہ بھی نہیں ہے کہ مجھے اس کے لئے دوزخ میں جانا پڑے ویسے آپس کی بات ہے اعمال میرے جیسے ہیں ان کی بنیاد پر اللہ نے مجھے ویسے بھی وہیں بھیجنا تھا تمہاری طرح۔'' وہ سیدھا آپ سے تم پر آ گیا تھا۔

''صرف تم نہیں تمہارے دوست بھی بڑے کمینے ہیں کرسٹل کے دو پیس ٹوٹ گئے میگزینز سے چند تصویریں کاٹ لیں کچھ پودے خراب ہو گئے تو کیا ہوا ایسا کیا کیا تھا میں نے جس پر اتنا ہنگامہ برپا کر دیا کیا صفائی کرتے ہوئے نقصان نہیں ہو جاتا؟''

''ہاں واقعی اتنا تو نقصان ہو ہی جاتا ہے ویسے مجھے لگتا ہے کہ مجھے تمہاری صفائی کی انشورنس کروانی پڑے گی۔''

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

''تم خواہ مخواہ میرا مذاق اڑانے کی کوشش نہ کرو، ہر بندے کو ہر کام نہیں آتا۔''

''مگر یہاں مسئلہ یہ ہے کہ تمہیں تو کوئی بھی کام نہیں آتا اور جو آتے ہیں وہ کرنے کے کام نہیں ہیں جیسے یہ لو میرج کا کام۔'' ثنا کو اس کی بات پر بے حد شرم محسوس ہوئی تھی اس نے جھوٹ بولنا ضروری سمجھا۔

''خواہ مخواہ غلط فہمی ہے تمہیں، مجھے اس قسم کا کوئی گھٹیا شوق نہیں ہے۔''

''یار اب اتنا بھی جھوٹ نہ بولو، فرزانہ سے کافی تفصیلی گفتگو ہوئی میری تمہاری سرگرمیوں کے بارے میں اور تمہاری کوششوں کے بارے میں اور یہ جان کر تو صدمے سے مجھے ہارٹ اٹیک ہوتے ہوتے رہ گیا تھا کہ تم میرے گھر رومانس کرنے کے لئے آئی تھیں اور میری قسمت دیکھو کہ ایک کتے کی وجہ سے یہ نادر موقع میرے ہاتھ سے نکل گیا۔''

ثنا کا دل چاہا کہ زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے فرزانہ نے اسے کسی بھی صفائی کے قابل نہیں چھوڑا تھا۔

''بھئی اگر تم چپ رہ کر شرمندہ ہو رہی ہو تو یہ کام نہ کرو، بہت مشکل کام ہے یہ، تم صرف وہی کام کیا کرو جو تم کر سکتی ہو، شام کو میری بہن تمہیں لینے آئے گی منگنی کی انگوٹھی پسند کروانے کے لئے، تم ان کے ساتھ ضرور آنا۔''

''مجھے نہیں آنا میں اس قسم کی لڑکی نہیں ہوں۔'' ثنا نے فوراً انکار کر دیا۔

''اے بلند کردار، باحیا، عفت مآب مشرقی دوشیزہ مجھے واقعی یقین آ گیا ہے کہ تم بہت ہی عظیم ہو اور جو کچھ میں نے تمہارے بارے میں سنا اور کہا ہے وہ واقعی غلط فہمیوں اور افواہوں پر مبنی ہے جو تمہارے حاسدین نے پھیلائی ہیں اس لئے کل شام کو آپ اپنے جلوہ کی تابانیوں سے اپنے اس حقیر غلام کو ضرور نوازیئے گا۔ تاکہ اسے یقین آ جائے کہ اس کی منگنی اسی خاتون سے ہو رہی ہے جس کی عظمت کی ایک دنیا معترف ہے۔''

اس بار وہ کھلکھلائی تھی۔

''میں سوچوں گی۔''

''آج تک کبھی یہ کام کیا ہے۔''

''نہیں مگر کل شام ضرور کروں گی۔''

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

"خدا حافظ اپنے عظیم بھائی کو میرا سلام پہنچا دینا۔"

سعدی نے شرارت بھرے انداز میں کہہ کر فون بند کر دیا۔

"ہاں ضرور سلام ہی نہیں اور بھی بہت کچھ پہنچاؤں گی میں اس آستین کے سانپ کو۔" وہ بڑبڑائی تھی۔

بیڈ کے نیچے سے اس نے جوتے اور بیٹ نکال لیا تھا۔

"اور میری فرینڈز کہتی ہیں کہ میری قسمت میں لو میرج نہیں ہے۔" اس نے اپنی آستینیں چڑھاتے ہوئے کہا تھا۔

"اوئے عاصم اندر آ ذرا۔" اس نے وہیں سے چلا کر کہا تھا لاؤنج سے عاصم کے قدموں کی آواز کے ساتھ اس کی گنگناہٹ قریب آتی جا رہی تھی۔

"بس ذرا صبر کر یار کے دن تھوڑے ہیں۔"

وہ بیٹ تھام کر دروازہ کھولتی ہوئی مسکرائی تھی۔

Read or Download more Novels visit iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com